# مدنی پھول برائے حج

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# مدنی پھول برائے حج

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوتِ اسلامی)﴾

حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے پھریانبی     پھر نظر میں پھر گئے حج کے مناظر یانبی!
کر رہے ہیں جانے والے حج کی اب تیاریاں     رہ نہ جاؤں میں کہیں کر دو کرم پھر یانبی!!

(وسائل بخشش)

الحمد للہ عزوجل! خوش نصیب مسلمان حَرَمَین طَیِّبَین، کعبہ معظمہ و گنبد خضرا کی زیارت کے لئے رختِ سفر باندھ رہے ہیں۔ چنانچہ! حج کے پُر بہار موسم میں عازمین مدینہ کی مدنی تربیت کرنے، انفرادی کوشش کے ذریعے مدنی کاموں کی ترغیب دلانے، مبارک باد پیش کرنے، خوب خوب تقسیم رفیق الحرمین کتب ورسائل کے لئے کمربستہ ہو جایئے۔ آیئے! نیت کرتے ہیں کہ شرعی اور تنظیمی احتیاطوں کے ساتھ خوب خوب اس مدنی کام میں پڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ **اللہ تبارک و تعالٰی!**

اس مدنی کام کی برکت سے جلد ہی ہمیں بھی حج بیت اللہ کی سعادت اور مدینے کی با ادب و با ذوق حاضری نصیب فرمائے اور بالآخر زیر گنبد خضرا، جلوہ محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم میں ایمان و عافیت کے ساتھ موت نصیب ہو اور بقیع پاک ہمارا مدفن بنائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم

جلد ہم عازم گلزارِ مدینہ ہوں گے     حاضرِ درگہ سردار مدینہ ہوں گے
اُن کی رحمت سے جو مل جائے بقیع غرقد     بالیقین قبر میں انوار مدینہ ہوں گے

(وسائل بخشش)

## ہدف کی ترکیب

﴿1﴾ **"مدنی پھول برائے حج"** کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ (i) مدنی مشورے کا دورانیہ 2 گھنٹے 26 منٹ ہو گا۔ (ii) مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔
(بہتر ہے کہ یہ ترکیب معمول والے ماہانہ مشورے میں ہی بنالی جائے)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی اپنی ماتحت ذمہ داران کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز اور کارکردگی فارمز بالخصوص **کارکردگی برائے** تقسیم رفیق الحرمین کتب و رسائل "(حلقہ تا عالمی سطح) اور **"کارکردگی برائے حج تربیتی اجتماع"** (کابینہ تا عالمی سطح) **سمجھائیں** تو اس کا دورانیہ 2 گھنٹے 26 منٹ ہو۔

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق پچھلے تمام پیپرز محفوظ کر لیے جائیں کیونکہ اس میں حسب ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ کلر اور انڈر لائن کے ذریعے واضح کر دیا جاتا ہے۔

﴿3﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران سے کنفرم کر لیں کہ اُن کے پاس گذشتہ سال کے مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز موجود ہیں؟ اگر موجود ہوں تو اس بار صرف وہی پیپرز جس میں الگ رنگ سے اضافہ کیا گیا ہے صرف اُسی کے پرنٹ نکال کر وہی mail / post کروائے جائیں۔

☆ اگر گذشتہ سال کے پیپرز موجود نہ ہوں تو "مدنی پھول برائے حج" مع ریکارڈ پیپرز مکمل post/mail یا پاؤڈر کاپی کروا کر دیجئے۔

☆ جن ذمہ داران کے پاس کلر پرنٹر یا mail کی سہولت نہ ہو تو وہ متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز کے black والے ہی "فہرست" میں موجود کالم "کس سطح کی ذمہ دار کو دیا جائے" کے مطابق پرنٹ نکال کر جو اضافہ کیا گیا ہے اسے ہائی لائٹ کر کے میل / پوسٹ / پاؤڈر کاپی کروا کر دینے کی ترکیب بنالیں۔ مثلاً: کارکردگی فارمز کے لئے یہ ترکیب ہو، ذیلی ذمہ دار کو صرف **ذیلی سطح** کا فارم دیا جائے، حلقہ ذمہ دار کو **"حلقہ سطح"** اور **"ذیلی حلقہ"** کا فارم دیا جائے، علاقہ ذمہ دار کو **"علاقہ، حلقہ اور ذیلی حلقہ"** کا فارم دیا جائے علی ھذالقیاس۔۔۔

﴿4﴾ ہر سطح کی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران کو **"مدنی پھول برائے حج"** صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیش نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر دیں جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو۔

﴿5﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ مشاورتوں کو "**ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو اپ ڈیٹ کرنے والے مدنی پھول**(حج)" میل / پوسٹ کروادیں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿6﴾ عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار موسم حج میں "**مدنی پھول برائے حج سے متعلق عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کے مدنی کام**" کے مطابق ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ ہدف پورا ہونے پر ذیلی وحلقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو تربیتی حلقے میں اور علاقہ علاقائی، ڈویژن مشاورت ذمہ دار اور کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو ماہانہ معمول والے مدنی مشورے میں "**مدنی تحفہ**" (مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتب ورسائل / vcd / کیسٹ) دے کر حوصلہ افزائی کی جائے۔

☆ جس کتاب / کیسٹ / vcd کا تحفہ دیا جائے تحفہ دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے "کہ کتنے دن تک پڑھ، سُن یا دیکھ لیں گی؟" (یادرہے! مدنی عطیات سے مدنی تحائف دینے کی اجازت نہیں)

﴿7﴾ **کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب ورسائل رفیق الحرمین**(**حلقہ تا عالمی سطح**) کی مدد سے حلقہ تا عالمی سطح ذمہ داران اپنی ماتحت ذمہ داران کو اعتماد میں لے کر بخوشی ہدف کی ترکیب بنائیں۔(کارکردگی برائے تقسیم کتب ورسائل رفیق الحرمین(حلقہ تا عالمی سطح)ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

کارکردگی فارمز جمع کروانے کی تاریخیں:

کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار 6 ذوالقعدۃ الحرام

کابینات مجلس مشاورت ذمہ دار 8 ذوالقعدۃ الحرام

ملک مجلس مشاورت ذمہ دار 10 ذوالقعدۃ الحرام

ممالک مجلس مشاورت ذمہ دار 10 ذوالقعدۃ الحرام

عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار 12 ذوالقعدۃ الحرام

ذمہ داران سے ذاتی ہدف بھی لیا جائے۔

﴿8﴾ اگر کوئی علاقہ مجلس علاقائی مشاورت ذمہ دار کی اسلامی بہن یوں فرمائیں کہ "ہمارے علاقے سے کوئی بھی اسلامی بہن حج کے لئے نہیں جارہیں تو ہم تقسیم کتب ورسائل رفیق الحرمین نہ کریں تو ایسی صورت میں انہیں یہ جواب دیا جائے کہ "تقسیم کتب ورسائل رفیق الحرمین صرف علاقے سے جانے والی عازمین مدینہ کے لئے ہی نہیں ہوتا بلکہ حاجی کیمپ وائیرپورٹ اور دیگر کاروان کے تربیتی اجتماع کے ذریعے پر عازمین مدینہ کو تحفۃً پیش کرنے کے لئے بھی ہوتا ہے اس لئے آپ تقسیم رفیق الحرمین کتب ورسائل میں ضرور حصہ لیں۔

☆ اگر کوئی اسلامی بہن حج تربیتی اجتماع میں شرکت نہ کرسکیں اور اگر بعد میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع یا اجتماع ذکرونعت، مدنی دورہ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے ذریعے کسی کے حج پر جانے کا علم ہو تو ان اسلامی بہن کو بھی حج سے متعلق کتب ورسائل کتاب رفیق الحرمین دینے کی ترکیب بنائی جائے۔

## ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع و تربیتی حلقہ

﴿1﴾ کابینات ذمہ دار شوال المکرم کے دوسرے ہفتے تعویذات عطاریہ (للبنات) ذمہ دار، جامعۃ المدینہ (للبنات) مدرسۃ المدینہ (للبنات)دارالمدینہ (للبنات)ذمہ داران مدرسۃ المدینہ ان لائن(للبنات) (اگر ہوں تو)کو "**جدول برائے حرمین طیبین** (اسلامی بہنوں کے لئے)" ایک سیٹ پاؤڈر کاپی کرواکر دیں یا mail کرواکر دیں

☆ کابینہ ذمہ داران اپنی کابینہ میں ہونے والے حج تربیتی اجتماعات میں اسے ہدیۃً تقسیم کریں اور جامعۃ المدینہ / مدرسۃ المدینہ / دارالمدینہ / تعویذاتِ عطاریہ(للبنات) ذمہ دار اسلامی بہن اپنے یہاں حسبِ ضرورت ہدیۃً تقسیم کریں جب کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن(للبنات)ذمہ دار، طالبات کو بذریعہ skype، image سینڈ کرسکتی ہیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ تمام علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران ذوالقعدۃ الحرام میں تربیتی حلقے کے کیسٹ اجتماع والے ہفتے میں ہو سکے تو مدنی مذاکرات کے درج ذیل لنکس نمبر 62,53,52,51,18,17,16 میں سے کوئی ایک مدنی مذاکرہ سنانے کی ترکیب بنائیں۔

Madani Muzakra_ Hajj o Umrah Subtitled

http:// www.dawateislami.net/medialibrary/14012

Madani Muzakra_Hajj O Umrah Kay Masail Part 01

http:// www.dawateislami.net/ medialibrary/6741

Madani Muzakra_Hajj O Umrah Kay Masail Part 02

http:// www.dawateislami.net/ medialibrary/2113

Madani Muzakra_ Hajj Ki Raah Main Gunnah Kaisay?

http:// www.dawateislami.net/ medialibrary/19575

Madani Muzakra_ Hajj o Umrah Kay Masail Part 03

http:// www.dawateislami.net/ medialibrary/19833

Madani Muzakra _Barghah e Risalat Main Salam Arz Karna or hajj ki niyat

http:// www.dawateislami.net/ medialibrary/14110

﴾3﴿ عطاری کابینات کی کابینات ذمہ دار ماہِ شوال المکرم کے ابتدائی دنوں میں "**حج کے مخصوص کُتب و رسائل کی فہرست**" کی پاؤڈر کاپی کروا کر مطلوبہ کُتب ورسائل کے لیے اس نمبر 0321-3364583 پر آرڈر بُک کروائیں تاکہ اس کے مطابق ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں بستوں کے ذریعے خریدنے اور تقسیم کروانے کی ترغیب دلائی جاسکے۔

☆ عطاری کابینات کے علاوہ پاکستان کی دیگر کابینات ذمہ داران اس نمبر 03112526020 پر رابطہ فرمائیں۔

☆ بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں مدنی کام ذمہ دار (کابینات سطح) کے ذریعے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل حاصل کرنے کے لئے اس نمبر: 0311-2526020 یا ای میل (order.maktaba@dawateislami.net) پر رابطہ فرمائیں۔

☆ تمام علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور تربیتی حلقے میں مکتبۃ المدینہ (للبنات) کے بستوں پر "حج کے مخصوص کتب ورسائل کی فہرست" کے مطابق سامان (مکتبۃ المدینہ سے بآسانی دستیاب ہو تو) ضرور تیار رکھنے کی ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾4﴿ تمام علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلان کے ذریعے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ ان کتب ورسائل کو خریدنے، تقسیم کرنے اور پڑھنے کی بھی بھرپور ترغیب دلائیں۔

﴾5﴿ تمام علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران اپنے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں شوال المکرم کے تیسرے اور چوتھے ہفتے "**ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں مدنی چینل پر نشر کیے جانے والے حج تربیتی اجتماع کے اعلان کی ترغیب**" کی کے مطابق اعلانات کے دورانیے میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

## عازمین مدینہ سے ملاقات و مبارک باد دینے کی ترکیب

﴾1﴿ تمام ذمہ داران اس بات کو یقینی بنائیں کہ علاقے سے جو بھی عوام اسلامی بہنیں حج کا ارادہ رکھتی ہوں وہ ہماری مبلغہ سے ملے بغیر سفر حج اختیار نہ کریں۔

﴾2﴿ حلقہ و ذیلی مجلس مشاورت ذمہ داران اپنی پورے ذیلی حلقے اور حلقے سے جانے والی عازمین مدینہ کے نام "**عازمین مدینہ کے لئے مکتوب منگوانے کی ترکیب**" کے فارم میں لکھ کر 15 شوال المکرم تک علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

### ("فارم کا نمونہ" ملاحظہ فرمائیے)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

علاقہ ــــــــــ **عازمین مدینہ کے لئے مکتوب منگوانے کی ترکیب** (**ذیلی حلقہ وحلقہ کے لئے**)

| نمبر شمار | حلقہ | ذیلی حلقہ | نام (اُم/بنت) |
| --- | --- | --- | --- |
| | | | آسیہ بنت حسان اروٰی بنت بلال، جمیلہ بنت رضا---------- |
| | | | |

☆ علاقہ مجلس علاقائی مشاورت ذمہ داران یہ فارم وصول کرکے **عازمین مدینہ کے لیے مکتوب" بفیضانِ نظر"** کی پاؤڈر کاپیاں کروا کر یاپرنٹ لگاکر عازمینِ مدینہ کے نام لکھ کر حج تربیتی اجتماعات میں عازمین مدینہ میں یہ مکتوبات تقسیم کردیں۔ ("مکتوب" ریکارڈفائل میں موجود ہے)

﴿3﴾ عازمین مدینہ کو دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی پابند بنانے کے لئے واپسی پر بھی ان سے ملاقات کی ترکیب کی جائے۔

## کورس فیضان حج و عمرہ کی ترکیب:

حج کے ضروری احکام کی تربیت حاصل کرنے کے لئے ڈویژن سطح پر مجلس (شارٹ) کورسز کے تحت ہونے والا"7روزہ دن کا کورس فیضان حج وعمرہ" بھی ہے جس کا آغاز 8 شوال المکرم 1437ھ 12 جولائی 2017 سے ہو رہا ہے،لہٰذا اپنے ملکوں / کابینات /کابینہ میں حج کی سعادت پانے والیوں کو اس کورس کی بہتر انداز میں حج کے ضروری احکامات کی تربیت حاصل کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔

## حج تربیتی اجتماع کی ترکیب

﴿1﴾ کابینات مجلس مشاورت ذمہ دار اپنی کابینات میں حج تربیتی اجتماع کا معیار مضبوط رکھتے ہوئے مائیک کے استعمال کے بغیر 3 سے 7 جگھوں پر (جہاں شرعی سفر نہ ہو) حج تربیتی اجتماع کا انعقاد کریں۔لیکن شرعی سفر ہونے کی صورت میں یا حدود زیادہ ہونے کی صورت میں ڈویژن سطح پر بھی یہ اجتماع کیا جاسکتا ہے۔

☆ حج تربیتی اجتماع کی ترکیب لازمی بنائی جائے اگرچہ حج پر جانے والی اسلامی بہن ہوں یا نہ ہوں مگر تشہیر کی صورت بھی مضبوط رکھی جائے کہ ہو سکتا ہے کہ کوئی نہ کوئی حجّن شریک ہو ہی جائیں۔

☆ شوال المکرم کے آخری عشرے میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور تربیتی حلقے کے دن کے علاوہ کسی دن "حج تربیتی اجتماع" کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ جمعۃ المبارک والے دن ترکیب نہ بنائی جائے کیونکہ عوام اسلامی بہنوں کو نکلنے میں پریشانی کا سامنا ہو سکتا ہے۔

☆ **حج تربیتی اجتماع** کی ترکیب حج پر روانگی کی تاریخیں شروع ہونے سے پہلے بنائی جائے۔

☆ جو تاریخ طے کی جائے تمام جگھوں میں اُسی دن **حج تربیتی اجتماع** کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ اگر کسی مقام پر حج تربیتی اجتماع کے لیے مبلغہ کا انتظام نہ ہو تو کابینات ذمہ دار کے ذریعے کابینہ / کابینات مشاورت کے ذریعے ترکیب بنالی جائے مگر دوسرے ڈویژن سے کسی مبلغہ کو نہیں بلاسکتے۔

﴿2﴾ کابینات ذمہ دار اسلامی بہن اپنی کابینات کے **حج تربیتی اجتماع** کے لیے مقام کی ترکیب درج ذیل مدنی پھولوں کے مطابق بنائیں۔

☆ شرکائے تربیتی اجتماع کی تعداد کو پیش نظر رکھتے ہوئے مدنی تربیت گاہ (اگر ہو تو) میں یہ ترکیب ایک ہی دن مقررہ دورانیے میں ایک ہی نشت میں بنائی جائے یاہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے مقام پر ہی ترکیب بنائی جائے

-

☆ اگر کسی نئے مقام پر ترکیب بنانی ہو تو درج ذیل مدنی پھولوں کو مدِّ نظر رکھا جائے۔

(i) جگہ صاف ستھری ہو تاکہ شرکائے اجتماع کو کراہیت محسوس نہ ہو۔(ii) مقام روشن،ہوادار اور کشادہ ہو تاکہ لوڈشیڈنگ کی صورت میں بھی اجتماع میں خلل واقع نہ ہو۔ (u.p.s یاجنریٹر کی ترکیب ہو تو مدینہ مدینہ)(iii) پردے کا مکمل انتظام ہو۔(iv) پینے کے پانی کی سہولت ہو۔(v) وضو خانے اور استنجاء خانے کی سہولت موجود ہو۔(vi) حفاظتی امور کے پیش نظر آنے جانے کا راستہ کشادہ ہو بہتر ہے کہ آنے جانے کے دو راستے ہوں۔

☆ **حج تربیتی اجتماع کے مقامات** محرم کے ذریعے مجلس معاونت برائے مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینات سطح) سے ok کروالیئے جائیں۔

☆ کابینہ / کابینات ذمہ دار حج تربیتی اجتماعات کے مقامات و تاریخ (جو طے ہو) حج تربیتی اجتماع سے کم از کم 2 ہفتے قبل تمام جامعۃ المدینہ (للبنات)، مدرسۃ المدینہ (للبنات) و تعویذاتِ عطاریہ کے بستے (اگر ہوں تو) کی ذمہ دار اسلامی بہن کو بتادیں تاکہ یہاں بھی "حج تربیتی اجتماع" کی تشہیر کی جاسکے۔

﴾3﴿ کابینات ذمہ دار حج تربیتی اجتماع کی طے شدہ تاریخ محرم کے ذریعے مجلس معاونت مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینات سطح) کو بھی بتادیں۔

i. مجلس معاونت مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینات سطح) سے عرض کی جائے کہ وہ کاروان والوں کے ذریعے سے بھی اسلامی بہنوں کے حج تربیتی اجتماع کی دعوت دے دیں۔

ii. اگر کسی ڈویژن میں کسی مشہور کاروان والوں تک ڈویژن مجلسِ مشاورت ذمہ دار کی رسائی ہو تو (پردے کی پابندی کے ساتھ) اگر ممکن ہو تو وہاں کی اسلامی بہن سے بات کر کے حج تربیتی اجتماع کی دعوت دی جائے۔

☆ حج تربیتی اجتماع میں خیر خواہی کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

☆ اگر حاجی کیمپ میں حج تربیتی اجتماع کی اجازت مل جائے اور ترکیب باآسانی بن سکتی ہو اور پردے کا (آواز کے پردے کا بھی) مکمل انتظام ہو تو حج تربیتی اجتماع کے طریقۂ کار کے مطابق حتی الامکان اس کی ترکیب بنائے جائے۔

**﴾4﴿ شہزادی عطار سَلَّمَہَاالغَفَار، پھوپھی ماں / عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کی حج تربیتی اجتماع میں آمد**

اگر آپ کی کابینات کے حج تربیتی اجتماعات میں امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی شہزادی، پھوپھی ماں، (عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار) کی شرکت ہو وہاں درج ذیل مدنی کاموں کی ترکیب بنائی جائے ۔ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی شہزادی، پھوپھی ماں کو کم از کم 15 دن قبل اطلاع دے دی جائے، 15 دن قبل شہزادی عطار سَلَّمَہَاالغَفَار سے " بیان " کے لئے عرض کر دی جائے۔ انہیں بلانے اور واپسی کی ترکیب بنائی جائے، جہاں شہزادی عطار کی آمد ہو وہاں مجلس کی اختتامی دعا کے فوراً بعد یہ اعلان کروایا جائے " الحمد للہ عَزَّوَجَلَّ ! ہماری خوش قسمتی ہے کہ شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی آنکھوں کی ٹھنڈک شہزادی عطار سَلَّمَہَاالغَفَار ہمارے درمیان جلوہ فرماہیں آپ سے گذارش ہے کہ صرف وہی اسلامی بہنیں ان سے ملاقات فرمائیں جنہیں اس مرتبہ حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہو رہی ہے امید ہے کہ آپ اِنْ شَاءَ اللہ ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہمارے ساتھ تعاون فرمائیں گی۔

اسلامی بہنوں سے عرض ہے کہ نظم و نسق کا مظاہرہ کرتے ہیں اطمینان کے ساتھ ملاقات کا شرف حاصل کریں " عازمین مدینہ کی امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی شہزادی عطار، پھوپھی ماں سے ملاقات کی جائیں۔

" کارکردگی برائے شہزادی عطار سَلَّمَہَاالغَفَار سے ملاقات " کو پیشِ نظر رکھ کر ملاقات کی ترکیب بنائی جائے ۔(" کارکردگی برائے شہزادی عطار سَلَّمَہَاالغَفَار سے ملاقات مع " **جنت کے آٹھ دروازوں کی نسبت سے شرعی پردہ کرنے کے 8 مدنی پھول** " ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾5﴿ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں حج تربیتی اجتماع سے قبل 4 ہفتوں تک "**حج تربیتی اجتماع کا اعلان**" (کالزپُر کرنے کے بعد اس) کے مطابق تشہیر کی ترکیب بنائی جائے۔ تمام علاقائی علاقہ مجلسِ مشاورت ذمّہ داران "**پمفلٹ** (**حج تربیتی اجتماع**)" کو ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں تاریخ اور مقام لکھ کر تقسیم کرنے کی ترکیب بنائیں shops پر بھی اجازت سے لگائے جائیں نیز شخصیات اسلامی بہنوں میں سے جو حج کی سعادت حاصل کرنے والی ہوں مجلس رابطہ ذمہ داران (علاقہ سطح) کے ذریعے اُن تک بھی یہ پمفلٹ پہنچایا جائے یا اس کی تصویر / send (image) کر دی جائے۔ نیز مشہور جامع مسجد کے باہر نمازِ جمعہ کے بعد علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن اپنے محرم کے ذریعے بھی پمفلٹ تقسیم کروائیں۔ (یہ دونوں پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾6﴿ حج تربیتی اجتماع میں علاقائی و ڈویژن مشاورت ذمّہ داران و کابینہ و کابینات ذمّہ داران، ملک مجلس مشاورت ذمہ دار اور علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت و مجلس بیرونِ ممالک شرکت فرمائیں۔

☆ اگر کوئی اسلامی بہن حج پر نہیں جارہی مگر وہ حج تربیتی اجتماع میں شرکت کرنا چاہتی ہو تو اُنہیں شرکت کرنے سے منع نہ کیا جائے البتہ ترغیب بھی نہ دلائی جائے۔تعداد 92 سے زیادہ نہ ہو۔

﴾7﴿ کابینات ذمہ دار حج تربیتی اجتماع کے لیے **"حج تربیتی اجتماع ذمہ دار اسلامی بہن"** کا تقرّر فرمائیں۔(بہتر ہے کہ کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار کی ترکیب بنائی جائے بصورت دیگر شعبہ جات ذمہ داران (کابینہ وکابینات سطح) میں سے کسی کی بھی ترکیب بنائی جاسکتی ہے

﴾8﴿ حج تربیتی اجتماع ذمہ داران کو کابینات ذمہ دار **"مدنی پھول برائے حج تربیتی اجتماع ذمہ دار"** کے مدنی مشورے سے قبل درج ذیل مدنی پھول بتادیں۔(یہ مدنی مشورہ حج تربیتی اجتماع سے کم وبیش 2 ہفتے قبل رکھا جائے)

(i) مدنی مشورے میں مکمل شرکت کرنی ہو گی۔(ii) مدنی مشورے کا دورانیہ 2 گھنٹے ہو گا۔

﴾9﴿ تمام حج تربیتی اجتماع ذمہ داران کو کابینات ذمہ دار **"مدنی پھول برائے حج تربیتی اجتماع ذمہ دار"مع" جدول" "اجازت نامے"،"حج کا تربیتی بیان"،"حج کے مخصوص کتب ورسائل کی فہرست"،"خیرخواہ اسلامی بہن کے مدنی پھول"، کارکردگی برائے خادمات حفاظتی اُمور"،" نقاب والی کیپ بنوانے کے مدنی پھول "، "خصوصی اعلانات ، "دارالافتاءاہلسنت دعوت اسلامی کے پتے اور فون نمبرز 2016"اور کارکردگی برائے حج تربیتی اجتماع (ڈویژن سطح)** اچھی طرح سمجھا کردے دیں۔ (یہ پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴾10﴿ مضبوط انفرادی کوشش کرنے والی تقریباً 8 اسلامی بہنیں **" تربیتی اجتماع کے آخر میں عازمین مدینہ پر انفرادی کوشش"** کے مطابق انفرادی کوشش کی ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ عازمین مدینہ کی تعداد اگر کم ہو تو ان کے ساتھ آنے والی اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے حسبِ موقع انہیں بھی مدنی کاموں کی ترغیب دلائی جائے اور اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔

☆ بعدِ تربیتی اجتماع کابینہ مجلس مشاورت ذمہ داران **" تربیتی اجتماع کے آخر میں عازمین مدینہ پر انفرادی کوشش "** کے پُر شدہ فارمز اپنے پاس محفوظ فرمالیں اور واپسی کی تاریخ کے مطابق متعلقہ ذمہ داران کے ذریعے کتنی کامیابی ہوئی اس کی پوچھ گچھ فرمائیں۔

﴾11﴿ کابینات تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران حج تربیتی اجتماع کے بعد **"کارکردگی برائے حج تربیتی اجتماع"(کابینہ تا عالمی سطح)"** کے مطابق کارکردگی جمع کروائیں(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

**کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں:**

☆ **کابینہ:**5ذوالقعدۃ الحرام

☆ **کابینات:**7 ذوالقعدۃ الحرام

☆ **ملک:**9 ذوالقعدۃ الحرام

☆ **ممالک:**9 ذوالقعدۃ الحرام

☆ **عالمی:**11 ذوالقعدۃ الحرام

## پوچھ گچھ

فرمان امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ **"پوچھ گچھ مدنی کاموں کی جان ہے۔"**

(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

﴾1﴿ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت **"مدنی پھول برائے حج"** میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھولوں سے متعلق پوچھ گچھ،(follow up) ضرور فرمالیں تاکہ مدنی کام میں کمزوری نہ رہے۔

﴾2﴿ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ دار اسلامی بہن سے ذوالقعدہ میں معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

﴾3﴿ **"مدنی پھول برائے حج"** سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار کو کارکردگی کے ساتھ پہنچائیں۔

﴾4﴿ **"مدنی پھول برائے حج"** سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار کو کارکردگی کے ساتھ پہنچائیں۔

﴾5﴿ ملک / کابینات / کابینہ ذمہ دار شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

﴾6﴿ اپنے ملک کی حالت و نوعیت کے مطابق مجلس مدنی کام معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) و متعلقہ ممالک ذمہ دار کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

﴾مدینہ! یاد رہے ان مدنی پھولں کی شرعی و تنظیمی تفتیش ہوچکی ہے۔﴿

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کواپ ڈیٹ کرنے والے مدنی پھول(حج)

حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے پھر یا نبی　　پھر نظر میں پھر گئے حج کے مناظر یا نبی

کر رہے ہیں جانے والے حج کی اب تیاریاں　　رہ نہ جاؤں میں کہیں کر دو کرم پھر یا نبی (وسائل بخشش)

**الحمدللہ عزوجل!** حج کے پُر بہار موسم میں عازمین مدینہ کی مدنی تربیت کرنے، انفرادی کوشش کے ذریعے مدنی کاموں کی ترغیب دلانے، مبارک باد پیش کرنے، خوب خوب تقسیم کتب و رسائل رفیق الحرمین کے لیے اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار کے ساتھ اس مدنی کام میں حصہ لیجیے۔

**اللہ تبارک وتعالیٰ!!** اس مدنی کام کی برکت سے جلد ہمیں بھی حج بیت اللہ کی سعادت اور مدینے کی باادب وباذوق حاضری نصیب فرمائے اور بالآخر زیر گنبد خضرا، جلوۂ محبوب صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم میں ایمان و عافیت کے ساتھ موت نصیب ہو اور بقیع پاک ہمارا مدفن بنائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم

﴿1﴾ موسم حج میں حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کے درمیان تقسیم کتب و رسائل رفیق الحرمین کے اہداف دیئے جائیں گے ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں بھی اس ہدف کو پورا کرنے کے لیے اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ علاقوں سے جانے والی عازمین مدینہ کو حج تربیتی اجتماع اور حاجی کیمپ و ائیرپورٹ پر کتب و رسائل رفیق الحرمین تحفۃً پیش کی جاسکے۔

﴿2﴾ موسم حج میں جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ مدرسۃ المدینہ آن لائن (للبنات) (کو بذریعہ انٹرنیٹ send کئے جائیں گے) اور تعویذات عطاریہ ذمہ داران کو اور حج تربیتی اجتماع میں "**جدول برائے حرمین طیبین**" حسب ضرورت تقسیم کیے جائیں گے تاکہ اسکے ذریعے عازمین مدینہ مکہ و مدینہ میں اپنے ہر لمحے کو عبادت میں گزار کر قیمتی بنا سکیں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿3﴾ شوال المکرم کے ابتدائی دنوں میں "**حج کے مخصوص کتب و رسائل کی فہرست**" کے مطابق ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں بستوں پر اسے خریدنے اور تقسیم کرنے کی ترغیب دلائی جائے گی۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ علاقائی علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار حج تربیتی اجتماع میں عازمین مدینہ سے ملاقات کرتے ہوئے حج کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے امیر اہلسنت کا مکتوب "**بفیضان نظر**" پیش کریں گی۔

## ﴿5﴾ حج کی تربیت سے متعلق:

### i. کورس فیضان حج و عمرہ کی ترکیب:

حج کے ضروری احکام کی تربیت حاصل کرنے کے چند ذرائع ہیں ان میں سے ایک ذریعہ حج تربیتی اجتماع اور ڈویژن سطح پر شارٹ کورسز کے تحت ہونے والا " 12 7 دن کا روزہ **کورس فیضان حج وعمرہ**" بھی ہے جس کا آغاز 8 شوال المکرم 1437ھ 12 جولائی 2017 سے ہو رہا ہے جس کی سعادت حاصل کرنے والیوں کی بہتر انداز میں حج کے ضروری احکامات کی تربیت دی جائے گی۔

### ii. حج تربیتی اجتماع کی ترکیب:

☆ کابینات میں چند مقامات پر شوال المکرم کے آخری عشرے میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور تربیتی حلقے کے دن کے علاوہ کسی بھی دن "**حج تربیتی اجتماع**" کی ترکیب بنائی جائے گی۔

☆ ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں اس میں شرکت کی سعادت حاصل کریں۔

☆ حج تربیتی اجتماع کے آخر میں عازمین مدینہ پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے حسبِ موقع انہیں مدنی کاموں میں عملاً شامل ہونے کی اچھی اچھی نیتیں کروائی جائیں گی ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں اس مدنی کام کے لئے خود کو پیش کرتے ہوئے اپنا نام اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار کو نوٹ کروائیں تاکہ بہتر انداز پر انفرادی کوشش کی ترکیب بنائی جاسکے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# مدنی پھول برائے حج سے متعلق عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کے مدنی کام

﴿1﴾ عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار اس بات کی مضبوط ترکیب بنائیں کہ کارکردگی فارمز جمع کروانے کی تاریخوں سے کم از کم 26دن قبل اپنی ماتحت ذمہ داران کو کارکردگی جمع کروانے کی یاددہانی ہر ہفتے کروائیں۔

عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کی طرف سے جو میسج ماتحت ذمہ دار کو کیا جاتا ہے ماتحت ذمہ دار اسلامی بہنیں اس کی مدد سے حسب ضرورت تاریخ وغیرہ بدل کر اپنی ماتحت ذمہ داران کو forward کرتی ہیں اس طرح کارکردگی وقت پر حاصل کرنے میں آسانی رہتی ہے۔

﴿2﴾ ممالک ذمہ داران کی تقسیم کتب ورسائل رفیق الحرمین اور حج تربیتی اجتماع کی کارکردگیاں اپنے پاس فائل میں save کرلیں کیونکہ آئندہ سال کام کرتے وقت اس سے مدد ملتی ہے۔

﴿3﴾ عالمی سطح کی جب کارکردگی تیار ہو جائے تو اس کو اس شعبے کے مدنی پھولوں کے 4shared میں فولڈر بنا کر پُر شدہ کارکردگی فارمز اس میں save کرلئے جائیں اور اس کے پرنٹ نکال کر فائل میں بطور ریکارڈ رکھیں. تاکہ اس کی مدد سے آئندہ مدنی کام بڑھانے میں آسانی رہے۔

☆ حج تربیتی اجتماع میں پھوپھی ماں اور شہزادی عطار سَلَّمَهَا الغفّار کی ترکیب ایسی کابینہ میں بنائی جائے جہاں پچھلے سالوں میں جانے کی ترکیب نہ بنی بنائی ہو۔

☆ محرم کے مہینے میں ماتحت کا follow up اس پر ہو کہ حج تربیتی اجتماع میں جنہوں نے مدنی نیتیں کی تھیں ان کی یاددہانی اور پوچھ گچھ کی ترکیب ہو جائے۔

## حج تربیتی اجتماع سے متعلق

﴿1﴾ حج تربیتی اجتماع سے ایک ماہ قبل نگران مجلس معاونت مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (رکن شوری) کو "پمفلٹ(حج تربیتی اجتماع)" مدنی چینل پر تشہیر کے لئے میل کروادیں۔

(یہ پیپر "مدنی پھول برائے حج" میں موجود ہے)

﴿2﴾ جدول برائے حرمین طیبین (اسلامی بہنیں) attach کرکے ان الفاظ کے ساتھ نگرانِ مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) (ابوماجد) کو میل کروادیں۔

**میل کے الفاظ:** ناقص مشورہ ہے کہ جہاں جہاں اسلامی بھائیوں کے حج تربیتی اجتماع ہوں ان اجتماعات میں یہ جدول ترغیب دلا کر تقسیم ہو جائیں تو متعلقہ اسلامی بھائی اپنے گھر والوں کو دیں گے تو اچھے نتائج برآمد ہوں گے کیونکہ اسمیں خاص اسلامی بہنوں کے لئے سفر حج اور اس کی ادائیگی کے سلسلے میں رہنمائی کی گئی ہے۔

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

حلقہ__________ ماہ و سن( مدنی)____________(عیسوی)______________

علاقہ__________ حلقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (م /بنت)__________

## کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (حلقہ سطح)

| نمبر شمار | ذیلی حلقہ | ہدف | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقان رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج و عمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | | |

**مدنی پھول**: ☆رفیق الحرمین بڑی سائز ہی ہدف میں دونوں شمار ہوگی۔ ☆ تقسیم کتب و رسائل کی مد میں خود سے جمع ہونے والی رقم تنظیمی ترکیب کے مطابق علاقائی مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائی جائے تاکہ وہ اس کی ترکیب بنا سکے۔ ☆کارکردگی جمع کروانے کی تاریخ ہر فارم میں لکھی جائے۔

☆ذوالقعدۃ الحرام کی پہلی تاریخ کو یہ فارم علاقائی مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروادیں۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

حلقہ__________

علاقہ__________

**کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (علاقہ سطح)**

ماہ وسن (مدنی)__________ (عیسوی)__________

علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (م/بنت)__________

| نمبر شمار | حلقہ | ہدف | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقان رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج وعمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | | |

مدنی پھول☆رفیق الحرمین ہری سا ہری ہدف میں دونوں شمار ہوگی۔☆ تقسیم کتب ورسائل کی مد میں خود سے جمع ہونے والی رقم تنظیمی ترکیب کے مطابق علاقہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائی جائے یا کہ وہ اس کی ترکیب بنا سکے۔☆

☆ذوالقعدۃ الحرام کی 2 تاریخ کو یہ فارم علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروادیں۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

ڈویژن ________ کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (علاقہ سطح) ماہ و سن (مدنی) ________ (عیسوی) ________

کابینہ ________ ڈویژن مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (م/ بنت) ________

| نمبر شمار | علاقہ | ہدف | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقان رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج و عمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | | |

**مدنی پھول** ☆رفیق الحرمین بڑی سائز ہی ہدف میں شمار ہوگی۔☆ تقسیم کتب و رسائل رفیق الحرمین کی مد میں خود سے جمع ہونے والی رقم تنظیمی ترکیب کے مطابق کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائی جائے یا کہ وہ اس کی ترکیب بنا سکیں۔☆کارکردگی جمع کروانے کی تاریخ ہر فارم میں لکھی جائے۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سیدالمرسلین اما بعدفاعوذباللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

کابینہ __________

**کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (علاقہ سطح)**

کابینات __________

ماہ و سن ( مدنی) __________ (عیسوی) __________

کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن (م/بنت) __________

| نمبر شمار | ڈویژن | ہدف | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقانِ رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج وعمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| 9 | | | | | | |
| 10 | | | | | | |
| **مجموعی تعداد** | | | | | | |

**مدنی پھول:** ☆رفیق الحرمین ہر ی ساڑی ہدف میں شمار ہو گی۔☆تقسیم کتب و رسائل کی مد میں خود سے جمع ہونے والی رقم تنظیمی ترکیب کے مطابق مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائی جائے تاکہ وہ اس کی ترکیب بنا سکیں۔☆کارکردگی جمع کروانے کی تاریخ ہر فارم میں لکھی جائے۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

کابینات__________ ماہ و سن( مدنی)__________(عیسوی)__________

**کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (علاقہ سطح)**

ملک__________ کابینات مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (م /بنت)__________

| نمبر شمار | کابینہ | ہدف | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقان رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج و عمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| 9 | | | | | | |
| 10 | | | | | | |
| 11 | | | | | | |
| 12 | | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | | |

مدنی پھول ☆رفیق الحرمین بڑی سائز ہی ہدف میں شمار ہو گی۔ ☆رفیق الحرمین کے ساتھ ساتھ "عاشقانِ رسول کی 130 حکایات" ،"اسلامی بہنوں کی نماز" ،"حج و عمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ)"،اور اسلامی بہنوں کی نماز کتاب میں موجود رسائل بھی تقسیم کیے جا سکیے ہیں۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

ملک __________

**کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (ملک سطح)**

ماہ و سن( مدنی) ____________ (عیسوی) ____________

ملک مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (م / بنت) __________

| نمبر شمار | کابینات | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | رفیق الحرمین | عاشقان رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج وعمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| 13 | | | | | |
| 14 | | | | | |
| | **مجموعی تعداد** | | | | |

**مدنی پھول**: ☆یہ فارم ذوالقعدۃ الحرام کی 10 یا ریخ تک مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ملک سطح) کو جمع کروانے کے ساتھ ساتھ رکن عالمی مجلسِ مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔☆رفیق الحرمین کے ساتھ ساتھ "عاشقانِ رسول کی 130 حکایات" ،"اسلامی بہنوں کی نماز" ،"حج و عمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ)" ،اور اسلامی بہنوں کی نماز کتاب میں موجود رسائل بھی تقسیم کیے جا سکتے ہیں۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

**کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (علاقہ سطح)**

ممالک__________

ماہ و سن ( مدنی)______________(عیسوی)______________

ممالک مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (م /بنت)____________

| نمبر شمار | ملک | کارکردگی موصول ہونے والے شہروں کے نام | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقان رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج و عمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | | |

**مدنی پھول**: *یہ فارم 10 ذوالقعدۃ الحرام تک عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کو بذریعہ mail جمع کروادیجئے۔

الحمدللہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سیدالمرسلین اما بعد فاعوذباللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

نگرانِ مجلس معاوِب برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شورٰی) ابوماجد عطاری

# کارکردگی فارم برائے تقسیم کتب و رسائل (عالمی سطح)

ماہ و سن (مدنی) ____________ (عیسوی) ____________

عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار(م /بنت)ام میلاد عطاریہ

| نمبر شمار | ممالک | کارکردگی موصول ہونے والے ملکوں کے نام | کتنی کتب و رسائل تقسیم ہوئیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | رفیق الحرمین | عاشقانِ رسول کی 130 حکایات | اسلامی بہنوں کی نماز | حج وعمرہ کا طریقہ (میموری کارڈ) |
| 1 | مکی | | | | | |
| 2 | مدنی | | | | | |
| 3 | بلالی | | | | | |
| 4 | حنفی | | | | | |
| 5 | شافعی | | | | | |
| 6 | مالکی | | | | | |
| 7 | حنبلی | | | | | |
| 8 | قادری | | | | | |
| 9 | بغدادی | | | | | |
| 10 | ہجویری | | | | | |
| 11 | رضوی | | | | | |
| 12 | عطاری | | | | | |
| | مجموعی تعداد | | | | | |

مدنی پھول☆ یہ فارم 12 ذوالقعدۃ الحرام تک نگرانِ مجلس معاوِب برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شورٰی) کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# جدول برائے حَرَمَیْن طَیِّبَیْن (اسلامی بہنوں کے لیے)

**مدنی پھول**: جدول تنظیمی لحاظ سے مرتب کیا گیا ہے جس کے لیے جس قدر ممکن ہو اس کے مطابق ترکیب بنائیں ورنہ انفرادی طور پر جدول کے مطابق عمل کیا جائے۔

## دُرُودِ پاک کی فضیلت

شیخ طریقت امیر اہلسنت بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ اپنے رسالے "**ضیائے درودو سلام**" میں ص4 پر فرمانِ **مصطفیٰ** صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نقل فرماتے ہیں:

**"تم جہاں بھی ہو مجھ پر درود پاک پڑھو کہ تمھارا درود مجھ تک پہنچتا ہے"**

(المعجم الکبیر جلد3، ص82، حدیث2729، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

صَلُّوا عَلَی الحَبِیْب      صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی علٰی مُحَمَّد

اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت سے ملنے والے اجر وثواب کی حرص بڑھاتے ہوئے نہایت ہی ادب واحترام اور ذوق وشوق کے ساتھ حرمین طیبین میں خوب خوب نیک اعمال بجالائیں اور گناہ کے صدور سے ہر ممکن طور پر خود کو بچائیں، کہ یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے!

**"جدول برائے حرمین طیبین"** کے مطابق اپنی زندگی کے یہ قیمتی وسنہری ایّام گزاریئے و **"ارکانِ حج کی ادائیگی"** و **"حاضری روضہ ءرسول"** کے علاوہ دیگر تمام نفلی عبادات تلاوت، ذکر ودرود، تسبیحات، دینی مطالعہ، سنتوں بھرے بیانات کی کیسیٹیں، میموری کارڈ یا آئی پیڈ i.pad میں download کروا کر یا cd player کے ذریعے سُنیں، دیگر مشغولیت مثلاً **"شاپنگ"** وغیرہ میں وقت گزارنے سے اجتناب فرمائیں نماز اپنی قیام گاہ (کرائے پر لی ہوئی) پر ہی ادا فرمائیں۔

امیر اہلسنت، بانئ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اپنی تالیف **"فیضان سنت"** (جلد اول تخریج شدہ) ص1191 میں حدیث پاک نقل کرتے ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

**"نِیَّۃُالْمُؤمِنِ خَیْرٌمِّنْ عَمَلِہ"**

مسلمان کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔

("المعجم الکبیر"، الحدیث5942، ج6، ص185)

اپنے " حج "کی عظیم الشان نیکی کے ساتھ مزید اچھی اچھی نیتیں شامل کرکے ثواب میں خوب اضافہ کیجئے۔

امیر اہلسنت نے اپنی مایہ ناز (تصنیف) تالیف رفیق الحرمین میں اسلامی بھائیوں کے لئے نیتیں تحریر فرمائی ہیں، اسلامی بہنوں کے لئے حسب ضرورت ترمیم کے ساتھ چند نیتیں پیش خدمت ہیں۔

# حج کی نیتیں ﴿مع رِوایات، حکایات و مدنی پھول﴾

(حج کی سعادت پانے والی اسلامی بہنیں ان میں سے موقع کی مُناسَبَت سے وہ نیّتیں کرلیں جن پر عمل کرنے کا واقعی ذہن ہو)

1. صرف رضائے الٰہی عزوجل پانے کے لئے حج کروں گی۔(قبولیت کے لئے اخلاص شرط ہے اور اخلاص حاصل کرنے میں یہ بات بَہُت معاون ہے کہ ریاکاری اور شہرت کے تمام اسباب ترک کردیئے جائیں۔ فرمان مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:لوگوں پر ایسازمانہ آئے گا کہ میری اُمت کے اغنیاء(یعنی مالدار) سیر و تفریح کے لئے اور درمیانے دَرجے کے لوگ تجارت کے لئے اور قُرّاء(یعنی قاری) دِکھانے اور سنانے کے لئے اور فُقَرا مانگنے کے لئے حج کریں گے۔(تاریخ بغداد ج10 ص295)
2. اِس آیت مبارکہ پر عمل کروں گی:**وَاَتِمُّواالْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَلِلّٰہِ**ط(پ2،البقرۃ:196)

   ترجمہ کنزالایمان: **"اور حج اور عمرہ اللہ کے لئے پورا کرو"**
3. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں حج کروں گی۔
4. چلتے وقت گھر والوں، رشتے داروں اور دوستوں سے قصور معاف کرواؤں گی، ان سے دعا کرواؤں گی۔(دوسروں سے دعا کروانے سے برکت حاصل ہوتی ہے، اپنے حق میں دوسرے کی دعا قبول ہونے کی زیادہ امید ہوتی ہے۔دعوت اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 324 صفحات پر مشتمل کتاب "فضائل دعا" صفحہ 111 پر منقول ہے، حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو خطاب ہوا: اے موسیٰ! مجھ سے اس منہ کے ساتھ دعا مانگ جس سے تونے گناہ نہ کیا۔ عرض کی: الٰہی! وہ منہ کہاں سے لاؤں؟(یہاں انبیاء علَیھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی تواضع ہے ورنہ وہ یقیناً ہر گناہ سے معصوم ہیں) فرمایا: اوروں سے دعا کرا کہ ان کے منہ سے تونے گناہ نہ کیا۔(ملخص از مثنوی مولانا روم دفتر سوم ص4)
5. زبان اور آنکھ وغیرہ کی حفاظت کروں گی(نصیحتوں کے مدنی پھول صفحہ 29 اور 30 پر ہے:(i)(حدیث پاک ہے:اللہ عزوجل فرماتا ہے) اے ابن آدم! تیرا دین اس وقت تک درست نہیں ہو سکتا جب تک تیری زبان سیدھی نہ ہو اور تیری زبان تب تک

سیدھی نہیں ہوسکتی جب تک تو اپنے رب عزوجل سے حیا نہ کرے۔(ii) جس نے میری حرام کردہ چیزوں سے اپنی آنکھوں کو جھکا لیا(یعنی انہیں دیکھنے سے بچا) میں اسے جہنم سے امان(یعنی پناہ) عطا کردوں گا)

6. اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ حصولِ ثواب کے لیے ہر عمل سے قبل اچھی اچھی نیتیں کرتی رہوں گی۔

7. دورانِ سفر ذکر و درود سے دل بہلاؤں گی(اس سے فرشتہ ساتھ رہے گا! گانے باجے اور لغویات کا سلسلہ رکھا تو شیطان ساتھ رہے گا)

8. روزانہ کم از کم 1200 بار درودِ پاک پڑھوں گی۔

9. اپنے لئے اور تمام مسلمانوں کے لیے دعا کرتی رہوں گی(مسافر کی دعا قبول ہوتی ہے۔ نیز "فضائل دعا" صفحہ 220 پر ہے: مسلمان کہ مسلمان کے لیے اس کی غیبت ( یعنی غیر موجودگی) میں(جو)دعا مانگے(وہ قبول ہوتی ہے)حدیث شریف میں ہے: یہ(یعنی غیر موجودگی والی) دعا نہایت جلد قبول ہوتی ہے۔ فرشتے کہتے ہیں: اس کے حق میں تیری دعا قبول اور تجھے بھی اسی طرح کی نعمت حصول))

10. بھیڑ کے موقع پر بھی لوگوں کو اذیت نہ پہنچے اس کا خیال رکھوں گی اور اگر خود کو کسی سے تکلیف پہنچی تو صبر کرتے ہوئے معاف کروں گی(حدیث پاک میں ہے:جو شخص اپنے غصے کو روکے گا اللہ عزوجل قیامت کے روز اس سے اپنا عذاب روک دے گا۔(شُعَبُ الْاِیمان ج 6 ص 377 حدیث 8311)(مطبوعہ دارالاشاعت)

11. مسلمانوں پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے **"نیکی کی دعوت"** دے کر ثواب کماؤں گی۔

12. موبائل فون کا استعمال صرف ضرورتاً کروں گی۔

13. مکّے مدینے کے ایّام بلکہ پورا سفر تمام فرائض وواجبات پر عمل کرتے ہوئے **"مدنی انعامات"** کے مطابق گزاروں گی۔(حرمین طیبین میں وقت گزارنے کے 19 مدنی انعامات مکتبۃ المدینہ سے ھدیۃً حاصل کئے جاسکتے ہیں)

14. سفر کی سنتوں اور آداب کا حتیٰ الامکان خیال رکھوں گی۔

15. احرام میں لَبَّیک کی خوب کثرت کروں گی(اسلامی بھائی بلند آواز سے کہے اور اسلامی بہن پست آواز سے)۔

16. پریشانیاں آئیں گی تو صبر کروں گی۔ **حُجَّۃُ الْاِسلام** حضرت سیدنا امام ابو حامد محمد بن محمد بن محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں: **مال یا بدن میں کوئی نقصان یا مصیبت پہنچے تو اسے خوش دلی سے قبول کرے کیونکہ اس کے حج مبرور کی علامت ہے۔**(اِحیاءُ العلوم ج 1 ص 804)

17. **کعبہء مشرفہ** زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً پر پہلی نظر پڑتے ہی درود پاک پڑھ کر دعا مانگوں گی۔

18. دورانِ طواف **"مستجاب"** پر( جہاں ستر ہزار فرشتے دعا پر آمین کہنے کے لیے مقرر ہیں وہاں) اپنی اور ساری امت کی مغفرت کے لیے دعا کروں گی۔

19. مکۂ مکرمہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً کی حاضری کے دوران حتی الوسع صرف آبِ زم زم استعمال کروں گی اور آب زم زم پیتے وقت ادائے سنت کی نیت سے قبلہ رو، کھڑے ہو کر، بسم اللہ پڑھ کر، چوس چوس کر تین سانس میں، پیٹ بھر کر پیوں گی، پھر دعا مانگوں گی کہ وقت قبول ہے۔(فرمان مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم: ہم میں اور منافقوں میں یہ فرق ہے کہ وہ زم زم کوکھ(یعنی پیٹ) بھر نہیں پیتے۔(ابن ماجہ ج 3 ص 489) طواف سعی میں لوگوں کو دھکے دینے سے بچتی رہوں گی(جان بوجھ کر کسی کو اس طرح دھکے دینا کہ ایذا پہنچے بندے کی حق تلفی اور گناہ ہے، توبہ بھی کرنی ہوگی اور جس کو ایذا پہنچائی اس سے معاف بھی کرانا ہوگا۔ بزرگوں سے منقول ہے: ایک دانگ کی (یعنی معمولی سی) مقدار اللہ تعالی کے کسی نا پسندیدہ فعل کو ترک کر دینا مجھے پانچ سو نفلی حج کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔(جامع العلوم والحکم لابن رجب ص 125 ))

20. عبادات کی کثرت کروں گی بالخصوص نماز پنجگانہ پابندی سے ادا کروں گی۔

21. مکّے مدینے میں ہوسکا تو ایک ایک بار قرآنِ کریم کا ختم کروں گی۔

22. روزانہ کم از کم 1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی مذاکرہ سُنوں گی۔

23. دورانِ گفتگو حتی الامکان نگاہیں نیچی رکھوں گی بِلا ضرورت اِدھر اُدھر دیکھنے سے بچوں گی۔ البتہ ریگزار و کہسار اور مغیلانِ عرب کے پُر سوز مناظر محبت کی نظر سے دیکھوں گی۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

24. ڈٹ کر نہیں کھاؤں گی۔

25. حتی الامکان آئس کریم، کولڈ ڈرنکس اور تلی ہوئی غذاؤں سے بچوں گی۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

26. اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ موقع کی مناسبت سے اپنے سینے پر دل کی جانب قفلِ مدینہ کا کارڈ لگاؤں گی۔(اس سے فضول گوئی سے بچنے پر مدد ملتی اور نیکی کی دعوت عام ہوتی ہے)

27. گناہوں سے ہمیشہ کے لیے توبہ کرتی ہوں اور صرف اچھی صحبت میں رہا کروں گی( احیاء العلوم میں ہے: حج کی مبروریت کی ایک علامت یہ ہے کہ جو گناہ کرتا تھا انہیں چھوڑ دے، برے دوستوں سے کنارہ کش ہو کر نیک بندوں سے دوستی کرے، کھیل کود اور غفلت بھری بیٹھکوں کو ترک کر کے ذکر اور بیداری کی مجالس اختیار کرے(احیاء العلوم گ 1 ص 803)۔ امام غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی ایک اور جگہ فرماتے ہیں: حج مبرور کی علامت یہ ہے کہ دنیا سے بے رغبت اور آخرت کی جانب متوجہ ہو اور بیت اللہ شریف کی ملاقات کے بعد اپنے ربِّ کائنات عزوجل کی ملاقات کے لیے تیاری کرے۔(احیاء العلوم ج 1 ص 792 )

28. واپسی کے بعد گناہوں کے قریب بھی نہ جاؤں گی، نیکیوں میں اضافہ کروں گی اور سنتوں پر مزید عمل بڑھاؤں گی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:(حج سے پہلے کے حقوق اللہ اور حقوق العباد جس کے ذمے تھے) اگر بعد حج باوصف

قدرت ان امور (مثلاً قضاء نماز وروزہ، باقی ماندہ زکوٰۃ وغیرہ اور تلف کردہ بقیہ حقوق العباد کی ادائیگی) میں قاصر رہا تو یہ سب گناہ از سر نو اس کے سر ہوں گے کہ حقوق تو خود باقی ہی تھے ان کے ادا میں پھر تاخیر و تقصیر سے گناہ تازہ ہوئے اور وہ حج ان کے ازالے کو کافی نہ ہو گا کہ حج گزرے (یعنی پچھلے) گناہوں کو دھوتا ہے آئندہ کے لیے پروانہ بے قیدی (یعنی گناہ کرنے کا اجازت نامہ) نہیں ہوتا بلکہ حج مبرور کی نشانی ہی یہ ہے کہ پہلے سے اچھا ہو کر پلٹے۔ (فتاوٰی رضویہ ج24 ص467))

29. سرکار مدینہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے دربار گہر بار کی پہلی حاضری سے قبل غسل کروں گی۔ نیا لباس زیب تن کروں گی۔

30. اللہ عزوجل کے اس فرمان عالیشان: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَاءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا (پ5، النساء:64)

(ترجمہ کنزالایمان: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں) پر عمل کرتے ہوئے مدینے کے شہنشاہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی بارگاہ بیکس پناہ میں حاضری دوں گی۔

31. اگر بس میں ہوا تو اپنے محسن و غمگسار آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہِ بے کس پناہ میں اسطرح حاضری دوں گی جس طرح ایک بھاگا ہوا غلام اپنے آقا کی بارگاہ میں لرزتا، کانپتا، آنسو بہاتا حاضر ہوتا ہے۔ (حکایت: سیدُنا امام مالک علیہ رحمۃ اللہ الخالق جب سیّدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کرتے رنگ ان کا بدل جاتا اور جُھک جاتے۔)

32. اَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه (یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کی شفاعت کی سوالی ہوں) کی تکرار کر کے شفاعت کی بھیک مانگوں گی.

33. جن لوگوں نے سلام پیش کرنے کا کہا تھا اُن کا سلام بارگاہ شاہ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض کروں گی۔

34. عزیزوں اور اسلامی بہنوں کو تحفہ دینے کے لئے آب زم زم، مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاوتعظیما کی کھجوریں اور سادہ تسبیحیں وغیرہ لاؤں گی۔ (بارگاہِ اعلیٰحضرت میں سوال ہوا: تسبیح کس چیز کی ہونی چاہئے؟ آیا لکڑی کی یا پتھر وغیرہ کی؟ الجواب: تسبیح لکڑی کی ہو یا پتھر کی مگر بیش قیمت (یعنی قیمتی) ہونا مکروہ ہے اور سونے چاندی کی حرام۔ (فتاوٰی رضویہ ج23 ص597))۔

35. جب تک مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاوتعظیما میں رہوں گی دُرود وسلام کی کثرت کروں گی۔

36. مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاوتعظیما میں قیام کے دوران جب جب سبز گنبد کی طرف گزر ہو گا، فوراً اُس طرف رُخ کر کے کھڑے کھڑے ہاتھ باندھ کر سلام عرض کروں گی (حکایت: مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاوتعظیما میں سیدنا ابو حازم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک صاحب نے بتایا: مجھے خواب میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی، فرمایا: ابو حازم سے کہہ دو، "تم میرے پاس سے یوں ہی گزر جاتے ہو، رُک کر سلام بھی نہیں کرتے!" اس کے بعد سیدنا ابو حازم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنا معمول بنالیا کہ جب روضۂ انور کی طرف گزر ہوتا، ادب واحترام کے ساتھ کھڑے ہو کر سلام عرض کرتے، پھر آگے بڑھتے۔ (المنامات مع موسوعة ابن ابی الدنيا ج3 ص153 حديث323))

37. اگر جنت البقیع میں مدفن نصیب نہ ہوا اور مدینۃ المنورہ زادھا اللہ شرفاوتعظیما سے رُخصت کی جاں سوز گھڑی آگئی تو بارگاہِ رسالت میں الوداعی حاضری دوں گی اور گڑگڑا کر بلکہ ممکن ہوا رو رو کر بار بار حاضری کی التجاء کروں گی۔

38. اگر بس میں ہوا تو ماں کی مامتا بھری گود سے جدا ہونے والے بچے کی طرح بلک بلک کر روتے ہوئے دربارِ رسول کو بار بار حسرت بھری نگاہوں سے دیکھتے ہوئے رُخصت ہوں گی۔

39. اس مقدس سفر کے واپسی کے بعد دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی پابندی کروں گی۔

**مدنی پھول**: کرنے والے کاموں مثلاً تلاوت و نعت، ذکر و درود، دینی مطالعہ، فکرِ مدینہ، بیان و مدنی مذاکرہ سننے میں خود کو مصروف رکھیں گے تو نہ کرنے والے کاموں (مثلاً فُضُول گوئی، ہنسی مذاق، غیبت، چغلی، جھوٹ، بد نگاہی، موبائل فون کا غیر ضروری استعمال، مسجدینِ کریمین میں دنیا کی باتوں وغیرہ) سے اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ بچت کا سامان ہو گا۔ اور یوں اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ سَفَرِ مدینہ میں خشوع و خضوع، ذوق و شوق، رِقَّتِ قلبی،، اشکباری اور آہ وزاری کی سعادت بھی نصیب ہو گی۔

سوئے طیبہ سفر کرنے والو! لب پہ قفلِ مدینہ لگالو — آنکھ شرم وحیاء سے جھکالو! اس میں تمھارا بھلا ہے
سنبھل کہ پاؤں رکھنا حاجیو! شہر مدینہ میں — کہیں ایسا نہ ہو سارا سفر بیکار ہو جائے

مدینہ (۱) ہو سکے تو ۴ ذوالحجۃ الحرام کو سیّدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا "عُرس" منایا جائے۔

مدینہ (۲) ۱۴ ذوالحجۃ الحرام ابو عطار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا "یوم" منایا جائے۔

مدینہ (۳) ۸ ذوالحجۃ الحرام سیّدُنا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا "عُرس" منایا جائے۔

(مکۂ مکرمہ زادھا اللہ شرفاوتعظیما میں اعراس کے موقع پر عمرہ یا طواف کی ترکیب بھی کی جاسکتی ہے۔)

**روزانہ صبح صادق**: سے 60 منٹ قبل اُٹھ کر طبعی حاجات سے فارغ ہو کر انفرادی طور پر نمازِ تہجد ادا کیجئے۔ اگر طاقت ہو اور روزہ رکھنا چاہیں اور روزہ رکھ کر حج کے ارکان کی ادائیگی میں حرج نہ آتا ہو (مثلاً کمزوری و سستی وغیرہ) تو سحری کی سنت ادا فرمائیے۔ یاد رہے! حج کرنے والے پر جو عرفات میں ہے اسے عرفہ (9 ذوالحجۃ الحرام) کے دن کا روزہ مکروہ ہے کہ حضرت سیدنا ابن خزیمہ رضی اللہ تعالی عنہ، حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے حضور پر نور، شافع یوم النشور صلی اللہ

تعالی علیہ وآلہ وسلم نے عرفہ کے دن یعنی 9(ذوالحجۃ الحرام کے روز حاجی کو) **عرفات میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا**(صحیح ابن خزیمہ ج3 ص292 حدیث 2101)(مدنی پنج سورہ ص352)نیز 10، 11، 12ذوالحجۃ الحرام کو روزہ رکھنا تو حاجی یا غیر حاجی سب کے لئے حرام ہے۔دوران طعام ہر لقمے پر"**یا واجد**"وغیرہ بھی پڑھیے

**روزانہ کے اوراد**:روزانہ **شجرہ شریف سے چند "اوراد"**کم از کم ستر بار استغفار،166 بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، پھر تین بارمُحَمَّدٌرَّسُوْلُ اللّٰهِ اور **12 منٹ آنکھیں بند کرکے 313 مرتبہ درود شریف پڑھیے**(اس دوران تصور گنبد خضریٰ بھی کر سکتی ہیں)اذان کے وقت بات چیت،چلت پھرت،اٹھانا رکھنا،فون پر گفتگو وغیرہ کام کاج موقوف کرکے **اذان کا جواب دیجئے**۔(یہ زندگی بھر کے لیے معمول بنالیجئے)

**پنجگانہ نمازیں**:اگر قیام گاہ حدود حرمین طیبین میں ہو تو پنجگانہ نمازیں اسلامی بہنیں فرود گاہ(یعنی قیام گاہ) ہی میں پڑھیں بصورت دیگر جہاں بھی نماز ادا کریں"انفرادی"ہی پڑھیں۔رفیق الحرمین صفحہ 143 پر ہے نمازوں کے لیے جو عورتیں مسجدین کریمین میں حاضر ہوتی ہیں جہالت ہے کہ مقصود ثواب ہے اور خود پیارے سرکار، مدنی تاجدار صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:"**عورت کو میری مسجد** (یعنی مسجد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) **میں نماز پڑھنے سے زیادہ ثواب گھر میں پڑھنا ہے**"(بہار شریعت ج 1 ،ص1112 ،مسند امام احمد بن حنبل ج10 ص310 حدیث28158 اخذ شدہ رفیق الحرمین ص 143 تا144) "اوقات نماز وسحر وافطار برائے حرمین طیبین"(مکتبۃ المدینہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے)کے مطابق **خشوع وخضوع کے ساتھ نماز فجر** ادا فرمایئے۔

بعد نماز پورے آداب کا خیال رکھتے ہوئے دعائیں مانگئے اور اپنے والدین، استاد، پیر و مرشد کی مغفرت، جنت کے حصول اور دوزخ سے پناہ کی کثرت سے دعائیں مانگیں۔ہر نماز میں اسی طرح اہتمام فرمایئے۔سنت قبلیہ وبعدیہ اور نوافل کی ادائیگی کا بھی اہتمام فرمایئے۔

**درسِ فیضانِ سنت**:بعدِ نمازِ فجر ممکنہ صورت میں قیام گاہ پر موجود اسلامی بہنوں کو جمع کرکے فیضانِ سنت جلد 2"**غیبت کی تباہ کاریاں**"سے درس کریں۔(دورانیہ 7منٹ)

**ختم قرآن پاک**: قرآن پاک کا کم سے کم ایک ختم مکۃ المکرمہ زادھا اللہ شرفاًوَّ تعظیماً میں اور ایک **مدینۃ المنورہ**(زادھا اللہ شرفاًوَّ تعظیماً) میں۔

**بعد نماز فجر**: جن اسلامی بہنوں کی تجوید یعنی قواعد و مخارج دُرست ہوں اور وہ خوش الحان بھی ہوں تو کم از کم **تین آیات کنزالایمان شریف سے مع ترجمہ و تفسیر** پڑھیں باقی سب توجہ کے ساتھ سنیں۔(اس سلسلے میں مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ کتاب صراط الجنان جلد اول تا جلد نہم وکتاب بنام سورۂ نور کی تفسیر سے بھی استفادہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

اور **شجرۂ عالیہ** آواز کے پردے کے ساتھ مل کر پڑھنے کی ترکیب بنائی جائے اور **شجرہ شریف** کے صفحہ نمبر 23 پر فاتحہ کا سلسلہ موجود ہے اس کے مطابق ترکیب بنائی جائے جن کے مخارج درست ہوں وہ روزانہ انفرادی طور پر **ڈیڑھ پارہ تلاوت کریں**۔

**وقفۂ آرام**:اگر اسلامی بہن اس دوران مطالعہ و ذکر و درود کرنا چاہیں تو کرسکتی ہیں بہتر یہ ہے کہ اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ آرام کرلیا جائے تاکہ عبادت پر قوت حاصل ہو سکے۔

**اشراق ،چاشت و ناشتہ**:(60منٹ) طبعی حاجت، کنگھی یا لباس تبدیل کرنا یا غسل کرنا ہو تو ان تمام سے فارغ ہو کر انفرادی طور پر اشراق وچاشت کے نوافل ادا کیجئے جن پر اگر قضائے عمری ہے وہ قضا نمازیں ادا کریں اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کی ترغیب دلائیں۔

اگر ناشتہ تیار کرنے کی ترکیب ہے تو ہر روز الگ الگ دو اسلامی بہنیں ناشتے کی تیاری کریں۔ایک اسلامی بہن کھانا کھانے کی نیتیں کرواکر دعائیں بھی پڑھائے اور پھر سب مل کر ناشتہ کریں(اس دوران اسلامی بہنیں ایک دوسرے کو سنتیں اور آداب بھی بتاتی رہیں)

**مستقل قفل مدینہ**: آپ ان مقدس مقامات پر ہیں جن کی حاضری کی لئے لاکھوں دل تڑپتے ہیں لہٰذا ان ایام کی قدر کیجئے اور زبان اور آنکھوں کی حفاظت کے پیش نظر مستقل قفل مدینہ کے نفاذ میں ہی عافیت ہے۔مثلاً ضروری بات بھی **کم لفظوں میں لکھ کر یا اشارے** سے کیجئے۔ **نظریں جھکا کر** سامنے والے کے **چہرے پر نگاہیں گاڑے بغیر** گفتگو کرنے کی عادت ڈالئے(اس کے لئے روزانہ12/ 19 /25منٹ قفل مدینہ کے عینک کا استعمال مفید ہے)اسی طرح روزانہ 12 /19 /25 منٹ قفلِ مدینہ کارڈ لگا کر رکھیئے اس سے بھی خاموشی پر مدد حاصل ہوگی۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دوران گفتگو **دعوت اسلامی کی اصطلاحات** کے استعمال کے ساتھ **تلفظ کی درستی** کے لئے بھی کوشش کرتی رہئے اور **فضول بات** منہ سے نکلنے پر نادم ہو کر استغفار یا درود پاک پڑھ لیجئے۔

**اخلاقی نکھار کے لئیے**: **مذاق مسخری، طنز، دل آزاری کرنے اور قہقہہ** لگانے سے ہر صورت اجتناب کیجئے۔ **آپ جناب اور جی** کہنے کی عادت ڈالنے اور **بات سمجھ میں آنے کے باوجود سوالیہ انداز میں "ہیں" یا "کیا؟"** کہنے سے بچنے، دوسرے کی بات اطمینان سے سننے کے بجائے **اس کی بات کاٹ کر اپنی بات شروع نہ** کرنے، کسی **کا مذاق اُڑانے، تہمت لگانے یا نام بگاڑنے، گالی گلوچ** سے اجتناب کرنے، **دوسروں سے مانگ کر چیزیں استعمال** کرنے سے بچنے، **ایسے فضول سوالات جن سے مسلمان عموماً جھوٹ میں مبتلا ہو جاتے ہیں**(مثلاً بلا ضرورت پوچھنا! ہمارا کھانا کیسا لگا؟، آپ کا سفر کیسا گزرا؟ وغیرہ) **ان سے بچنے، عاجزی کے ایسے الفاظ** (جن کی تائید دل نہ کرے) **بولنے** سے اجتناب کرنے، **فلمیں ڈرامے دیکھنے، گانے باجے** سننے کی عادت نکالنے، **سلام کا جواب** دینے اور چھینکنے والی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ کہے تو ! اس کے جواب میں **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** اتنی آواز سے کہے کہ چھینکنے والی سُن لے (غیر محرم کے سلام اور چھینک کا جواب اتنی آواز سے دیں کہ صرف آپ خود سُن سکیں)، **آیندہ کی ہر جائز بات کے ارادے پر** ان شاءاللہ عزوجل، **مزاج پرسی پر شکوہ** کرنے کے بجائے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ علیٰ کُلِّ حَالٍ**، **کسی نعمت کو دیکھ کر ماشاءاللہ عزوجل یابارک اللہ عزوجل** کہنے اور **گناہ ہوتے ہی فوراً توبہ کرنے کی عادت** بنانے کی بھی کوشش فرمایئے۔

**طواف کے لیے جانا**: (3 گھنٹے) طواف کے لیے اسلامی بہنیں جائیں تو حتی الامکان نگاہوں کی حفاظت کے لیئے آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگائیں اور ذکر و درود پڑھتی ہوئی طواف کے لیے جائیں اچھی اچھی نیتیں بھی فرمالیں۔ (اگر طواف کی ترکیب اس وقت نہ بنتی ہو تو جس وقت میں طواف کے لیے جانے کی ترکیب بنے تو جدول کو اس وقت میں کر لیا جائے تا کہ جدول متاثر نہ ہو)

**وقفۂ طعام**: (60منٹ) دوپہر کا کھانا پکانے کی ترکیب ہے تو اپنی سہولت کے حساب سے مل کر کھانا پکانے کی ترکیب کرلیں۔ اور اگر کھانا تیار آتا ہو تو ہر روز الگ الگ اسلامی بہن کی ترکیب بنادیں کہ وہ کھانا کھانے سے پہلے کی دعا و نیتیں کروا کر اس دوران اسلامی بہنیں سنتیں اور آداب بھی ایک دوسرے کو بتاتی جائیں۔

**نمازِ ظہر**: **(60منٹ)** طبعی حاجات سے فارغ ہو کر اسلامی بہنیں سنتِ قبلیہ ادا کر کے نمازِ ظہر ادا کریں۔

**مطالعہ**: **(30منٹ)** روزانہ درج ذیل صفحات نمبر کے حساب سے (کتاب) **"غیبت کی تباہ کاریاں"** (فیضان سنت کا ایک باب)، کتاب "رفیق الحرمین" اور عاشقان رسول کی 130 حکایات مع مکّے مدینے کی زیارتیں سے انفرادی مطالعہ کیجئے یا سنئے۔ (جن اسلامی بہنوں کو لکھنا پڑھنا نہیں آتا تو ایسی صورت میں ایک اسلامی بہن پڑھے باقی سب سنیں۔ یاد رہے! کسی بھی مسئلے پر وضاحت نہیں کرنی من و عن (لفظ بہ لفظ پڑھ کر سنانا ہے))

**غیبت کی تباہ کاریاں**: (1)93تا 97 (2)108تا111 (3)121تا126 (4)127تا131 (5)133تا137 (6)138تا141 (7)144تا 147 (8)156تا159 (9)160تا163 (10)164تا167 (11)168تا171 (12)172تا175 (13)178تا181 (14)213تا216 (15)356تا359 (16)377تا379 (17)380تا384 (18)390تا394 (19)397تا400 (20)401تا405 (21)407تا411 (22)464تا468

**رفیق الحرمین**: (23)40تا48 (24)49تا57 (25)67تا69،76تا78 (26)79تا89،85تا90 (27)91 تا 93، 141 تا 147 (28)215 تا 225 (29)226تا232 (30)233 تا 241 (31)260 تا 268 (32)269تا277

**عاشقان رسول کی 130 حکایات مع مکّے مدینے کی زیارتیں**: (33)حکایت نمبر55،64،66،69،73 (34)حکایت نمبر 77،82،85،99 (35)101تا110 (36)192تا196 (37)215تا220 (38)255تا259 (39)259تا263 (40)288تا291

**اسلامی بہنوں کی نماز**: (60منٹ) اگر آپ کے مخارج درست ہوں تو اذان کا جواب، اس کے بعد کی دُعا، سورۃ فاتحہ، قرآن شریف کی آخری دس10 سورتیں، دعائے قنوت، التحیات، درود ابراہیم (علیہ السلام) اور کوئی دُعائے ماثورہ اور چھ کلمے شریف، ایمان مفصل، ایمان مجمل، تکبیر تشریق، تلبیہ (یعنی لبیک) (یہ سب ترجمے کے ساتھ) اور دیگر دُعائیں بھی یاد کریں ورنہ کسی درست مخارج والی اسلامی بہن سے مدد حاصل کریں اور یہ ممکن نہ ہو تو اس دوران ذکر و درود / "اسلامی بہنوں کی نماز" کے مطالعہ میں وقت گزاریں۔ (ان اذکار کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ "جنت کے طلبگاروں کے لئے مدنی گلدستہ" (کتاب) اور "اسلامی بہنوں کی نماز" (کتاب) سے مدد حاصل کیجئے) پھر نماز ظہر کی تیاری فرما کر خشوع و خضوع کے ساتھ (اگر قیام گاہ حدود حرمین طیبین میں شامل ہو تو) اپنی قیام گاہ پر ہی "اوقات نماز و سحر و افطار برائے حرمین طیبین" کے مطابق نماز ادا فرمائیں، بصورت دیگر جہاں بھی نماز ادا کریں انفرادی ہی پڑھیں بروز جمعہ نماز ظہر کے بعد روضہ رسول کی طرف رُخ کر کے **"درود رضویہ"** 100 مرتبہ خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھنے کی سعادت حاصل کیجئے۔ اگر روزہ نہ ہو تو سنت کے مطابق دعائیں پڑھ کر اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ طعام فرمایئے دوران طعام ہر لقمے پر **"یا واجد"** وغیرہ بھی پڑھیئے۔ (اس کے لئے امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کا مرتب کردہ نیتوں والا کارڈ مکتبۃ المدینہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے) ممکنہ صورت میں مٹی

کے برتن استعمال کرتے ہوئے پیٹ کا "قفل مدینہ "لگاتے ہوئے بھوک سے کم کھانا تناول فرمائیں۔چٹپٹی اور مرغن غذائیں چھوڑ کر سادہ غذا کھائیں اور ممکنہ صورت میں جَو شریف کی روٹی بھی تناول فرمائیں نیز کوئی ایسی چیز (مثلاً کچی پیاز، کچا لہسن وغیرہ) استعمال نہ فرمائیں کہ جس سے منہ میں بدبو پیدا ہو۔

**بعد ظہر کیسٹ/ وی سی ڈی بیان/مدنی مذاکرات**: (60منٹ) امیر اہلسنت، بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے مدنی مذاکرات اور دیگر مبلغین کے سنتوں بھرے بیان کی وی سی ڈی دیکھیئے اور سنئے۔

**مدنی مذاکرے (لنکس)**:

:(1)مدنی مذاکرہ۔ حجنوں کے مدنی پھول اور تحائف

http://www.dawateislami.net/media library/9918

(2)مدنی مذاکرہ۔ حجنوں کے سوال اور جواب

9745http://www.dawateislami.net/media library/

**آڈیوں کیسٹوں کے موضوعات (دیگر مبلغین)**:(1)مبارک سفر (2)آقا کا حج وی سی ڈی بیانات کے موضوعات (امیر اہلسنت) حج کا طریقہ، مدینے کی حاضری وی سی ڈی بیانات کے موضوعات (دیگر مبلغین)(1)حج مبرور کسے کہتے ہیں ؟(2)حج کی نیتوں کا بیان(3) عاشقان رسول کا حج(4)زیارت حرمین طیبین۔(یہ آڈیو بیانات دعوتِ اسلامی کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔)

جب اسلامی بہنیں ایک ساتھ مل کر بیٹھیں تو اِدھر اُدھر کی فضول باتوں میں مشغول ہونے کے بجائے انہیں **انفرادی کوشش کے ذریعے مدنی انعامات کا رسالہ پر کرنے اور دعوت اسلامی کے مدنی کاموں میں عملاً شرکت کی بھی ترغیب دلاتے ہوئے مدنی ماحول سے وابستگی کا ذہن دیں اور ممکن ہو تو کم از کم ایک نئی اسلامی بہن سے مکمل نام و پتہ حاصل فرما کر بعد میں بھی ان سے رابطہ رکھیں۔** ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ پر کر کے جمع کروانے کی نیت کریں اور **کم از کم ایک اسلامی بہن کو مدنی انعامات کا رسالہ پر کرنے کے لیئے تیار کریں**(حج سے واپسی کے بعد وطن آکر بھی یہ کوشش جاری رکھیں)

**درس فیضان سنت**: قیام گاہ پر موجود تمام اسلامی بہنوں کو بٹھا کر (اگر ممکن ہو تو) **کم از کم 2 درس دینے یا سننے** کی نیت سے قبلے کی سمت بیٹھ کر "**فیضان سنت**" (جلد اول، دوم کے ابواب، تخریج شدہ) سے درس دیں۔ جتنی دیر ممکن ہو دو زانو نگاہیں جھکا کر بیٹھیں اور ہمیشہ درس و بیان میں اسی طرح بیٹھنے کی کوشش فرمائیں اور دوسروں کو بھی اس کی درخواست کریں مگر اصرار نہ فرمائیں۔

**تجوید (مدنی قاعدہ)**: (60منٹ)اگر آپ کی تجوید درست ہے تو ممکنہ صورت میں قیام گاہ پر موجود اسلامی بہنوں کو جمع کر کے مدنی قاعدہ پڑھائیں اور مخارج و قواعد درست کروانے کی بھرپور کوشش فرمائیں۔

**مطالعہ**: دوران وقفہ "12 منٹ" **مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کسی اصلاحی کتاب اور 4 ترتیب وار صفحات فیضان سنت** (جلد اول، تخریج شدہ) کا مطالعہ فرمائیں۔(جن اسلامی بہنوں کو لکھنا پڑھنا نہیں آتا تو ایک اسلامی بہن پڑھے باقی سب سنیں مگر یاد رہے! لفظ بہ لفظ پڑھ کر سنایا جائے)"اسلامی بہنوں کی نماز" سے **وضو، غسل اور نماز سیکھنے کے ساتھ تمہید الایمان مع حاشیہ ایمان کی پہچان**"، بہار شریعت کے مضامین اور **منہاج العابدین کے ابواب** (یہ تمام ابواب کتاب" جنت کے طلب گاروں کے لئے مدنی گلدستہ "میں موجود ہیں) اور کم از کم ہر سال **تمام مدنی رسائل اور تمام مدنی پھولوں کے پمفلٹ** (مکتبۃ المدینہ سے ہدیۃً منگوائے جاسکتے ہیں) "**کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب**"**کا مطالعہ کریں۔**

دوران قیام حرمین طیبین عشق رسول بڑھانے کے لیئے اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ الرحمٰن کا نعتیہ دیوان" **حدائق بخشش**"، استاذِ زمن مولانا حسن رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کا کلام "**ذوق نعت**" کا خوب مطالعہ فرمایئے (رفیق الحرمین ص215) نیز امیر اہلسنت کا کلام "**وسائل بخشش**" کا مطالعہ کرنا بھی بہترین ہے۔

**وقت مناسب پر بیدار**: ہو کر طبعی حاجات سے فارغ ہو کر نماز عصر کی تیاری فرما کر قیام گاہ اگر حدود حرمین طیبین میں شامل ہو قیام گاہ پر ہی **خشوع و خضوع** کے ساتھ "اوقات نماز و سحر و افطار برائے حرمین طیبین" کے مطابق نماز ادا فرمائیں، بصورت دیگر جہاں بھی نماز ادا فرمائیں "انفرادی" نماز ہی پڑھیں۔

**بعد عصر ذکرو درود کی کثرت**: حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزہٌ عن العیوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان صحت نشان ہے :اللہ عزوجل کے نزدیک حج کے ان دس دنوں سے افضل اور پسندیدہ اور کوئی دن نہیں لہٰذا ان دنوں میں سبحان اللہ، **الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر** کی کثرت کیا کروٗ" (کنز العمال جلد12 ص316 اخذ شدہ نگران شوری کا بیان "قبر کی خوشبو")اور یوں بھی مکے میں ایک نیکی لاکھ کے

برابر اور مدینے میں پچاس ہزار کے برابر ہے لہٰذا خوب ذکر و درود کی کثرت کیجیے۔ قیام حرمین طیبین میں یہ چاروں کلمات "126000" (ایک لاکھ چھبیس ہزار) اور درود پاک "125000" (ایک لاکھ پچیس ہزار) 40 دن کے قیام کے حساب سے **روزانہ 3150 بار مذکورہ چاروں کلمات** (کم و بیش 80 منٹ) اور **روزانہ 3125 بار درود پاک** (کم و بیش 40 منٹ) پڑھیے۔ بروز جمعہ بعد نماز عصر اسی جگہ قبلہ رو بیٹھے بیٹھے **یا اللہُ یا رحمٰنُ یا رحیمُ** ورد کرتی رہیں جب سورج ڈوب جائے تو گڑگڑا کر دعا مانگیں ان شآءَ اللہ عزوجل جائز سوال پورا ہوگا۔ اگر روزہ ہو تو (افطار سے کم و بیش 19 منٹ قبل اوراد و وظائف و دعا میں مشغول ہو جایئے) بعد افطار اذان کا جواب دیں۔

**بعد مغرب**: **نماز اوابین** بھی پڑھئے، اس کے بعد ہو سکے تو قیام گاہ پر موجود اسلامی بہنوں کو بٹھا کر **سورۂ ملک و سورۂ یٰس شریف** سنائیں پھر سنت کے مطابق دُعائیں پڑھ کر اچھی اچھی نیتیں کر کے کھانا کھایئے۔ **ممکن ہو تو مٹی کے برتن استعمال کرنے کے ساتھ "قفل مدینہ" لگانے کی نیت سے بھوک سے کم** تناول فرمائیں۔ چٹ پٹی اور مرغن غذائیں چھوڑ کر سادہ غذا کھائیں اور ممکنہ صورت میں جو کی روٹی بھی تناول فرائیں نیز کوئی ایسی چیز بھی تناول نہ فرمائیں کہ جس سے منہ میں بدبو پیدا ہو۔

اگر آپ بااختیار ہیں تو ہر لباس، دیوار، بوتل، بکس ہر چیز پر سے تصاویر کا خاتمہ کر کے ثواب کمایئے۔ بچوں کو جانداروں کی تصاویر والے بابا سوٹ بھی مت پہنایئے۔ (جس گھر میں جاندار کی تصویر تعظیم کی جگہ رکھی ہو یا کتا ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے) (حدیث 5949 "صحیح البخاری" ج4، ص87، دارالکتب العلمیہ بیروت) دوران قیام حرمین طیبین اور حج کے بعد واپس آکر بھی ہمیشہ **بیٹھنے میں اکثر قبلہ رُو رہنے کی سنت ادا کرنے کی سعادت حاصل کیجیے۔**

**بعد نمازعشاء**: دو رکعت **صلوٰۃ التوبہ** پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کیجیے پھر کم از کم 12 منٹ **فکر مدینہ** کریں (جس میں سنجیدگی و یکسوئی کے ساتھ اپنے اعمال کا محاسبہ کریں کہ آج مدنی انعامات کے مطابق کہاں تک عمل ہوا؟) **نیز رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کرنے کا سلسلہ کریں۔** پھر اگر آپ کے مخارج درست ہیں تو خود ورنہ ممکنہ صورت میں درست قرآن پڑھنے والی اسلامی بہن سے 30 منٹ قرآن پاک سننے کی سعادت حاصل کریں۔

**مطالعہ**: درج ذیل کتب و رسائل پڑھنے کی ترکیب کیجیے۔

**رفیق الحرمین، بہار شریعت حصہ 6 تخریج شدہ، مسافر کی نماز۔**

## طواف کے لیے جانا:

اپنے قافلے میں جو ترکیب ہو اس کے مطابق یا اپنے محرم کے ساتھ طواف کے لیے اسلامی بہنیں جائیں۔

نگاہوں اور زبان کا قفلِ مدینہ لگا کر ذکر و درود کی کثرت کرتے ہوئے طواف کے لیے جائیں۔

مسجد کا احترام اور مطاف میں اسلامی بھائیوں کے ہجوم سے دور طواف کریں جب جب کعبۃ اللہ شریف پر نظر پڑے دعا مانگیں۔

**نعتیہ کلام سُننا**: دوران قیام حرمین طیبین مرحوم نعت خواں حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ الباری کی سفر حرمین طیبین سے متعلق منتخب نعتیں میموری کارڈ / آئی پیڈ (i.pad) میں download کروا کر سُنئے اور عشق رسول میں اضافہ کیجیے۔ اس کے علاوہ مکتبۃ المدینہ کی درج ذیل نعتوں کی کیسیٹیں بھی سُنی جا سکتی ہیں۔

**نعتیہ کیسٹ/D.V.D**:

**آڈیو نعتیہ کیسٹوں کے موضوعات**: (1) سوزِ مدینہ (2) رفیق الحرمین 4 کیسٹوں کے سیٹ

**نعتیہ D.V.D کے موضوعات**:۔ (1) ہم بھی مدینے جائیں گے۔ (2) محفل مدینہ 1432 ہجری

**وقفہ برائے آرام**: رات کے معمولات اور عبادت وغیرہ سے فارغ ہو کر وقت مناسب پر آرام فرمائیں۔

**سوتے وقت کے اعمال و احتیاطیں**: **صلوٰۃ التوبہ، آیۃ الکرسی**، رضی اللہ تعالیٰ عنہما، سونے کی دعا اور سوتے وقت پڑھنے کے اوراد وغیرہ پڑھ کر **سنت بکس** سرہانے رکھ کر اگر **ممکن ہو تو چٹائی پر سو جایئے**۔ بیدار ہونے پر چادر، چٹائی (اور کپڑے تبدیل کر کے) ہمیشہ طے فرما لیا کریں۔ سوتے وقت اپنے پاؤں کی طرف ایسا بیگ یا سامان نہ رکھیں جس میں کوئی کتاب یا تحریر ہو۔ آپ کے پاؤں کسی تحریر کی طرف تو نہیں ہو رہے، یہ بھی غور کر لیا کیجیے اور ان باتوں کا ہمیشہ خیال فرمایا کیجیے۔

## توجہ فرمائیے!

حرمین طیبین میں قیام کی برکت سے ان شآءَ اللہ عزوجل **روزہ رکھنے** کی سعادت بھی حاصل ہو جائے اور اس کے ساتھ ہی دوران قیام حرمین طیبین ایک بار سحری / افطاری میں جو شریف کی روٹی تناول فرمائیں اور بعد وطن واپسی بھی اس سنت پر عمل کی کوشش کیجیے۔ مگر دوران قیام حرمین طیبین اگر اسلامی بہنیں ان چند مخصوص مدنی انعامات کے مطابق دی جانے والی ہدایات جیسے **مدنی مرکز اور اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کی ہر جائز صورت میں اطاعت کرنے، جھوٹ، غیبت، چغلی، حسد، تکبر، وعدہ خلافی** سے بچنے اور

مدنی منوں کو بہلانے کے لئے بھی **جھوٹ بولنے کی عادت نکالنے**، کسی **مسلمان کے عیب پر مطلع ہو جانے پر اس کی پردہ پوشی کی** عادت بنانے، **قرض** ہونے کی صورت میں باوجود استطاعت **قرض کی ادائیگی میں تاخیر سے بچنے**، **غصہ آجانے کی صورت میں چُپ ہو جانے**، کسی اسلامی بہن سے **اختلاف** کی صورت میں **دوسروں پر اظہار نہ کرنے اور درگزر سے کام لینے** وغیرہ کے مطابق اپنے معمولات رکھیں اور بعد میں بھی ان پر عمل جاری رکھتے ہوئے مزید ان مدنی انعامات، **ہفتہ وار اجتماع میں اول تا آخر شرکت** اور **مدرسۃ المدینہ** (بالغات) میں پابندی سے شریک ہونے، **اجنبی** (یعنی وہ مرد جس سے نکاح جائز ہو) سے **پردہ**، گھر کے برآمدوں سے (بلاضرورت) باہر نیز دوسروں کے گھر میں **جھانکنے سے بچنے**، کسی ایک یا چند سے **دوستی گانٹھنے** کی بجائے سب اسلامی بہنوں سے **یکساں تعلقات رکھنے**، چست یا **باریک لباس** (جس سے جسم کی ہیئت ظاہر ہو یا رنگت جھلکے) **پہننے سے بچنے** ہر مدنی ماہ کی پہلی پیر شریف کو رسالہ **"خاموش شہزادہ"** کا مطالعہ کرکے فضول گوئی سے بچنے کی عادت بنانے کے لئے 25 گھنٹے **قفل مدینہ** لگانے اور باری کے دنوں میں (رہ جانے والے) **رمضان المبارک کے روزے بعد میں قضاء کرلینے کی ترکیب** کے ساتھ **حیض و نفاس کے ایام میں جتنی دیر نماز میں صرف ہوتی ہے اتنی دیر ذکر و درود میں مصروف رہنے**، شرعی اجازت کی صورت میں **گھر سے باہر نکلتے وقت مدنی برقع، دستانے، جرابیں پہننے، نظریں جھکائے چلنے** اور جب گاڑی میں ہوں تو دورانِ سفر **کھڑکی سے باہر نظر ڈالنے سے بچنے** اور **گھر میں مدنی ماحول بنانے** کے لئے **"19 مدنی پھول"** کے **مطابق** اگر اپنے معمولات رکھے تو وہ خوش نصیب اسلامی بہن مکمل "63 مدنی انعامات" کی عاملہ بننے کی سعادت پاسکتی ہیں اور اگر مزید کوشش جاری رہی تو **عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی یا مدنی بیٹی بننے کی سعادت بھی حاصل کرسکتی ہیں۔**

## اہم مدنی پھول:

1. مدینے شریف میں طواف / عمرہ کی جگہ تلاوتِ کلامِ پاک کی ترکیب کی جائے۔ باقی مکّے شریف والا ہی جدول ہو۔
2. اگر آپ کی قضائے عمری باقی ہے تو سنت غیر موکدہ اور نوافل کی جگہ اپنی قضائے عمری ادا کریں۔

(مزید معلومات کے لئے امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی کتاب اسلامی بہنوں کی نماز سے صفحہ 147 تا 169 میں موجود رسالہ قضا نمازوں کا طریقہ پڑھیے)

3. 8، 9، 10، 11، 12 ذوالحجۃ الحرام "ایّام حج" ہیں لہٰذا ان ایّام میں عبادت کا خصوصی اہتمام فرمائیں اور ہو سکے ان مقدس راتوں میں **شب بیداری** فرمائیں اور پوری رات عبادت میں گزاریں اور دن میں آرام فرمالیں۔
4. امیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ماہِ رمضان کی طاق راتوں میں صلوٰۃ التسبیح کا خصوصیت سے اہتمام فرماتے اور اس کی ترغیب بھی عنایت فرماتے ہیں۔ ماہِ ذوالحجۃ الحرام کا پہلا عشرہ بہت فضیلت والا ہے اس عشرے کی راتوں میں اور جتنے بھی جمعۃ المبارک نصیب ہوں تو اسے بھی اپنے معمولات میں شامل کیا جائے۔
5. اللہ عزوجل کی توفیق سے حرمین طیبین میں جن نیک اعمال کی سعادت ملی انہیں کسی کے سامنے بیان کرکے **"ریاکاری"** سے بچیئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ ریاکاری کی نحوست سے تمام اعمال برباد ہو جائیں۔

**عالمی مجلسِ مشاورت**

**(دعوتِ اسلامی)**

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# حج کے مخصوص کتب و رسائل کی فہرست

| کیسٹ | | | مدنی مذاکرہ | V.C.D | | کتب ورسائل | | نعتوں کی | | | دیگر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امیر اہلسنت | | دیگر مبلغین | | امیر اہلسنت | دیگر مبلغین | امیر اہلسنت | دیگر | کتب | کیسٹ | D.V.D | |
| نرالے حاجی<br>مناسک حج | عمرہ کا طریقہ<br>ایک سوچ کا ثواب | مبارک سفر (مکتبۃ المدینہ کا بیان) | حج وعمرہ http://www.dawateislami-net/medialibrary/14012 | حج کا طریقہ | حج مبرور کسے کہتے ہیں (مکتبۃ المدینہ کا بیان) | رفیق الحرمین (بڑی سائز) http://data2dawateislami.netData/booksdownload/ur/pdf2010/549-1pdf | بہار شریعت (حصہ 6) تخریج شدہ | وسائل بخشش http://data2dawateislami.netData/booksdownload/ur/pdf2010/519-1pdf | سوزِ مدینہ | ہم بھی مدینے جائیں گے | سنّت بکس |
| عاشقوں کا حج<br>حج وعمرہ کا طریقہ | مدینے کی باتیں<br>مکہ تا مدینہ | آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا حج (مکتبۃ المدینہ کا آڈیو بیان) | حج وعمرہ کے مسائل پارٹ 1 http://www.dawateislami-net/medialibrary/مدنی 16741 | مدینے کی حاضری | حج کی نیتوں کا بیان (مکتبۃ المدینہ کا بیان) | رفیق الحرمین (چھوٹی سائز) | ضیائے درود وسلام | حدائقِ بخشش http://data2dawateislami.netData/booksdownload/ur/pdf2003/290-1pdf | رفیق الحرمین 4 کیسٹوں کا سیٹ | محفلِ مدینہ (1432ھ) | کاؤنٹر تسبیح |
| حاجیوں کے واقعات<br>مدینے کی حاضری | مدینہ ہی مدینہ (حصہ اول) | | حج وعمرہ کے مسائل پارٹ 2 http://www.dawateislami-net/medialibrary/2113 | آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا پہلا حج | عاشقان رسول کا حج (مکتبۃ المدینہ کا بیان) | مسافر کی نماز (رسالہ) | اوقات نماز وسحر افطار برائے حرمین طیبین http://data2dawateislami.netData/booksdownload/ur/pdf2011/605-1pdf | ذوقِ نعت | | | دستانے موزے |
| حج مبرور | مدینہ ہی مدینہ (حصہ دوئم) | | حج کی راہ میں گناہ کیسے؟ http://www.dawateislami-net/medialibrary/ | حج مقبول کسے کہتے ہیں | زیارت حرمین طیبین (مکتبۃ المدینہ کا بیان) | عاشقانِ رسول کی 130 حکایات مع مکے مدینے کی زیارتیں (کتاب) http://data2dawateislami.netData/booksdownload/ur/pdf2012/669-1pdf | | | | | کیپ |
| | | | حج وعمرہ کے مسائل پارٹ 3 http://www.dawateislami-19833 net/medialibrary/ | | | | | | | | 19 مدنی انعامات http://data2dawateislami.netData/booksdownload/ur/pdf2015/490-1pdf |
| | | | بارگاہِ رسالت میں سلام عرض کرنا اور حج کی نیّت http://www.dawateislami net/medialibrary/ 14110 | امیر اہلسنّت کی کہانی انہی کی زبانی | | | | | | | حج وعمرہ میموری کارڈ ہدیہ: 450 فیضانِ مذاکرہ (حصّہ چہارم) میموری کارڈ ہدیہ: 350 |

**مدنی پھول** : کتب ورسائل وغیرہ کی دستیابی کے سلسلے میں مکتبۃ المدینہ سے پیشگی کنفرمیشن حاصل کرلی جائے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُوَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرسَلِینَ اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم ؕ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ؕ

# ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں مدنی چینل پر نشر کئے جانے والے حج تربیتی اجتماع کے اعلان کی ترغیب

بخاری اور مسلم شریف کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلّم فرماتے ہیں:

**"جس نے حج کیا اور رَفَث(فحش کلام) نہ کیا تو گناہوں سے پاک ہو کر ایسا لوٹا جیسے اس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔"**

سبحان اللہ عزوجل! حج کرنا کیسی عظیم سعادت ہے کہ یہ گناہوں سے پاک ہو جانے کا ذریعہ ہے۔ لوگ کثیر مال خرچ کرکے حج کے لئے جاتے ہیں اس کی تیاری میں کپڑوں اور کھانوں وغیرہ کا خوب اہتمام کیا جاتا ہے۔ تو تیاری کرتے وقت خاص توجہ مناسکِ حج سیکھنے پر بھی ہونی چاہیئے اگر سیکھ کر نہ گئے، مکہ معظمہ کے آداب سے ناآشنا رہ گئے اور گناہ کرتے رہے تو نیکیوں کے بجائے گناہوں کا بارلے کر لوٹیں گے۔ اَلْاَمَان وَالْحَفِیظ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا حج اور مدینہ منورہ کی حاضری بغیر گناہ کے درست، پُر کیف اور با ادب ہو تو بروز ______ بعدِ نمازِ عشاء تربیتی اجتماع کی نشریات کا آغاز ہو گا اور وقتِ مناسب پر ہمارے دلوں کی دھڑکن شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوت حضرت علامی مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ حج کی تربیت فرمائیں گے جو کہ مدنی چینل پر براہِ راست نشر کیا جائے گا۔

آپ سے التجاء ہے کہ یہ مدنی مذاکرہ ضرور ضرور اول تا آخر یکسوئی کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں، نیز حج کی سعادت پانے والی اسلامی بہنیں اپنے محارم / بچوں کے ابو کو اس مدنی مذاکرے ئ میں بنفسِ نفیس شرکت کی ترغیب دلائیں بلکہ جن کے لئے ممکن ہو وہ عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ باب المدینہ میں شرکت کی ترغیب دلائیں۔

مدنی مذاکرہ دل جمعی کے ساتھ توجہ سے سننے کے لئے اپنے دن بھر کے تمام کام کاج سے فارغ ہو کر دن میں آرام کر لیا جائے۔

چھوٹے بچے ہیں تو انہیں جلدی سلا دیا جائے تاکہ توجہ کے ساتھ مدنی مذاکرہ سنا جاسکے۔

اپنے ساتھ ڈائری اور قلم لے کر بیٹھیں ایک ایک بات نوٹ کریں تاکہ بعد میں پڑھ کر یاددہانی ہوتی رہے۔

☆ اگر مدنی مذاکرے کے اوقات میں آپ کے ہاں لائٹ نہیں ہوتی تو اگر جنریٹر کی ترکیب بن سکتی ہو تو بنائی جائے، موبائل پر بھی مدنی مذاکرہ سننے کی ترکیب بنا سکتے ہیں۔ موبائل پر سننے کے لئے ضروری نہیں کہ اچھا والا موبائل ہو سادہ موبائل پر بھی سن سکتے ہیں۔ سِم کے لحاظ سے کوڈ نوٹ فرمالیں۔

☆ اور اس مدنی مذاکرے کو ریکارڈ کر لیں تاکہ آپ ان مسائل کو دوبارہ بھی سن سکیں۔ whatsapp کے ذریعے forward بھی کیا جا سکتا ہے تاکہ دیگر اسلامی بہنیں بھی مستفید ہو سکیں۔

(warid= 303017, Ufone=7774, Jazz=30306, Telenor=78798,zong 7879)

☆ اگر آپ کے رشتہ داروں اور پڑوسیوں میں بھی جو حج کی سعادت حاصل کرنے والی ہیں انہیں بھی یہ مدنی مذاکرے سننے کی دعوت دیں کہ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوت اسلامی خود بنفسِ نفیس اس حج تربیتی اجتماع میں جلوہ فرما ہو کر عازمین مدینہ و حاجیوں کی تربیت فرماتے ہیں نیت فرمالیں کہ زیادہ سے زیادہ اس کی دعوت کو عام کریں گے ان شاء اللہ عزوجل

اللہ عزوجل ہم سب کو باادب، باذوق حاضری نصیب فرمائے ہماری اس حاضری کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین

بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطّاریہ (دعوتِ اسلامی) کی جانب سے عازِمِ مکّۂ مکرّمہ وزائرِ مدینۂ منوّرہ کی خدمت میں سفرِ مدینہ کی پُرسوز یادوں میں تڑپتا ہوا بےقرار سلام،

**اَلسَّلامُ عَلَیکُم وَرَحمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکاتُہ      اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ عَلٰی کُلِّ حَال**

شکرِ خدا کہ آج گھڑی اُس سفر کی ہے      جس پر نثار جان فلاح و ظفر کی ہے

**آپ** کو عزمِ مکّہ و مدینہ مبارک ہو۔ **اللہ** عزّوجلّ آپ کا یہ سفر آپ کے لیے آسان کرے، قدم قدم پر کیف ومستی میں اِضافہ ہو، سوز ورِقّت کے ساتھ آپ کا راستہ طے ہو، ایسا صبر وضَبط ملے کہ راہِ جاناں کا ہر کانٹا بھی پھول لگے، سوز وگداز اور عشق ومَستی سے دل لبریز رہے **راہِ مدینہ** کی مُسرَّتوں کا اظہار چشمِ اشکبار سے ہوتا رہے۔ **اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

ارے زائرِ مدینہ! تو خوشی سے ہنس رہا ہے      دلِ غمزدہ جو لاتا تو کچھ اور بات ہوتی

## ’’بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط‘‘ کے انیس حُرُوف کی نسبت سے
## مسافرِ مدینہ کی خدمت میں 19 مَدَنی پھول

**﴿1﴾ جو** مسافر ذکر ودُرود اور یادِ الٰہی کی طرف متوجِّہ رہتا ہے فرشتہ اُس کے ساتھ رہتا ہے اور جو بُرے اشعار ولغویات میں وقت گزارتا ہے شیطان اُس کے ہمراہ رہتا ہے۔ (المعجم الکبیر، ج ۱۷، ص ۳۲۴، حدیث ۸۹۵، ماخوذاً، داراحیاء التراث العربی) **﴿2﴾ اعلیٰ حضرت** رحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: (کوئی چیز خریدتے وقت) بھاؤ کے لئے حجت کرنا بہتر ہے بلکہ **سنّت**، سوا اس چیز کے جو **سفرِ حج** کے لئے خریدی جائے اس میں بہتر یہ ہے کہ جو مانگے دے دے۔ **(فتاوٰی رضویہ، ج۱۷، ص۱۲۸، رضا فاؤنڈیشن لاہور)**

تصدُّق ہورہے ہیں لاکھوں بندے گِرد پھر پھر کر      طوافِ خانۂ کعبہ عجب دلچسپ منظر ہے

**﴿3﴾ سفرِ مدینہ** میں تھکن یا بھیڑ بھاڑ کے سبب اکثر غُصّہ آجاتا اور کوئی نادان انسان تو گالیاں بھی بکنے لگتا، بلکہ لڑنے مرنے کیلئے تیّار ہو جاتا ہے۔ ایسے موقع پر بہت احتیاط کی ضَرورت ہے، **’’بہارِ شریعت‘‘** جلد اوّل صفحہ 1061 کی عبارت کا خلاصہ ہے (حج کے موقع پر) بعض اوقات راہ چلتوں کو امتحاناً پیش کر دیا جاتا ہے کہ بلا وجہ اُلجھتے اور بُرا بھلا کہنے لگتے ہیں لہٰذا آپ کو ہر وقت ہوشیار رہنا چاہیے، مَبادا (یعنی کہیں ایسا نہ ہو کہ) ایک دو کلِمے میں (یعنی چند الفاظ بک دینے کے سبب) آپ کی ساری محنت اور روپیہ برباد ہو جائے (بَہَر حال یہ ذِہن بنالیجئے کہ کیسے ہی کٹھن حالات ہوں کسی مسلمان سے الجھنا ہی نہیں ہے، بس صبر صبر اور صبر ہی سے کام لینا ہے)

سنبھل کر پاؤں رکھنا حاجیو شہرِ مدینہ میں      کہیں ایسا نہ ہو سارا سفر بیکار ہوجائے

**﴿4﴾ عَرَبی اسلامی بھنوں** سے بہُت نرمی کے ساتھ پیش آیئے اگر وہ سختی کریں ادب سے تحمّل (یعنی برداشت) کیجئے کہ اس پر **شفاعت** نصیب ہونے کا وعدہ فرمایا ہے۔ **خُصوصاً اہلِ حَرَمین، خُصوصاً اہلِ مدینہ، اہلِ عرب** کے افعال پر اعتراض مت کیجئے، نہ دل میں کدُورت (یعنی میل) لایئے، اس میں دونوں جہاں کی سعادت ہے۔ **(بہارِ شریعت ج۱، حصہ۶، ص۱۰۶۰، مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی)**

شَفاعت کے صدقے میں جنّت ملی ہے      عمل تھے جہنّم میں جانے کے قابل

**﴿5﴾ مدینۂ منوّرہ** کے موسم شریف یا وہاں کے کسی اور مُعاملے میں آزمائش پیش آئے تو ہرگز دل میں مَیل مت لایئے ’’مسلم شریف‘‘ کی حدیث میں یہ بھی ہے: جو مدینے کی تکلیف ومَشَقَّت پر ثابِت قدم رہے گا بروزِ قیامت میں اُس کا **شفیع** ہوں گا۔ (صحیح مسلم، ص ۷۱۰، حدیث ۱۳۶۳)

زندگی کیا ہے؟ مدینے کے کسی کُوچے میں موت      موت پاک وہند کے ظلمت کدے کی زندگی

﴿6﴾ **رُوحانیّت** کے اگر طلبگار رہیں تو زَبان، آنکھوں اور پیٹ کا **قُفلِ مدینہ** لگا لیجئے۔

دیکھ دیوانے پیارے نبی کے عشق ہے یہ تماشا نہیں ہے

تڑپنا اِس طرح بُلبل کہ بال وپر نہ ہلے ادب ہے لازِمی شاہوں کے آستانے کا

﴿7﴾ **مسجِدَینِ کریمین** کے باہَر عُموماً جُوتے چپّلوں کا ڈھیر ہوتا ہے اور لوگ واپَسی میں اپنی اپنی پسند کے چپّل پہن کر چلتے بنتے ہیں۔ آپ ہرگز ایسا مت کیجئے، باہر پڑے ہوئے ان جوتوں کا حکم "**لُقْطہ**" (یعنی گری پڑی چیز) کا ہے۔ جس کو **لُقطہ** ملے اس کیلئے مسئلہ یہ ہے کہ اِس کا خوب اعلان کرے، جب مالِک ملنے کی اُمّید ختم ہو تب جسے ملا وہ اگر **فقیرِ شرعی** ہے تو خود رکھ سکتا ہے ورنہ کسی **فقیرِ شرعی** کو دیدے، **غنی** لیگا تو گنہگار ہوگا۔ **حرمِ مکّۂ مکرَّمہ** میں **ایک گناہ لاکھ گُنا** ہے یہ نہ بھُولئے۔ (اپنے وطن میں بھی ان مسائل کا خیال رکھئے۔ مسجدوں کے استنجا خانوں میں جانے کیلئے بھی کسی کے جوتے بلا اجازتِ مالِک نہ پہنئے)

نہ اُٹھ سکے گا قِیامت تلک خدا کی قسم! کہ جس کو تونے نظر سے گرا کے چھوڑ دیا

﴿8﴾ مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ **حج** کی کتاب **رَفیقُ الحرمین** اور نعتوں کی کتاب **وسائلِ بخشش** وغیرہ سفرِ مدینہ میں ہر وَقت ساتھ رکھئے **اِنْ شَآءَاللہ** عَزَّوَجَلَّ یہ کُتب بے حد کارآمد ثابت ہوں گی۔

طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند سیدھی سڑک یہ شہرِ شَفاعت نگر کی ہے

﴿9﴾ مکتبۃُ المدینہ کے جاری کردہ سنّتوں بھرے بیانات کی آڈیو کیسٹیں، فیضانِ سنّت جلد اول اور غیبت کی تباہ کاریاں اور مختلف رسائل ہمراہ لے چلئے۔ (کتابیں اپنے بیگوں میں ایک جگہ ساتھ رکھنے کے بجائے منتشر رکھئے) ﴿10﴾ **موبائل فون** ہو تو مسجِدَینِ کریمین میں بلکہ ہر مسجد میں اسے بند رکھنے کی عادت بنائیے اور دوسروں کو بھی اِس کی نرمی سے درخواست کرتے رہئے ﴿11﴾ مُوسیقی سننا سنانا گناہ ہے اگر آپ کے موبائل فون میں **میوزیکل ٹیون** ہو تو توبہ بھی کیجئے اور اس کو فوراً ختم کردیجئے ﴿12﴾ بارگاہِ رسالت صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں اور شیخین کریمین، اہلِ بقیع واہلِ جنّتُ المَعلٰی کی خدمتوں میں ہمارا **اسلامِ شوق** عرض کیجئے ﴿13﴾ اِحرام کی حالت میں اکثر حُجّاج اِدھر اُدھر کی باتوں میں لگے رہتے ہیں، ایسا نہ کرنا چاہئے **لبیک** کی کثرت کر کے خوب ثواب کمانا چاہئے ﴿14﴾ گھر کے مَرد اپنے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اِجتماع میں اور اِسلامی بہنیں علاقے میں اِسلامی بہنوں کے سنّتوں بھرے اِجتماع میں ضَرور ضَرور ضَرور پابندی سے اوّل تا آخر شرکت کریں۔ ﴿15﴾ **دعوتِ اسلامی** کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ آڈیو کیسٹیں "**حج وعمرے کا بیان**" اور "**مدینہ ہی مدینہ**" ضَرور سنئے۔ ﴿16﴾ **خصوصاً** سفرِ مدینہ میں (اور وطن میں بھی) **مَدَنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ **فکرِ مدینہ** کے ذَرِیعے مَدَنی اِنعامات کا رِسالہ پُر کیجئے اور ہر مَدَنی ماہ کی ابتدائی 10 تاریخ کے اندر اندر جمع کروائیے۔ **اِنْ شَآءَاللہ** عَزَّوَجَلَّ اس سے دین ودنیا کی ڈھیروں بھلائیاں ہاتھ آئیں گی۔ ﴿17﴾ سابقہ گناہوں سے **سچّی توبہ** کرکے، پکّے نمازی، بااخلاق بننے کا عزم لیکر خیر وعافیت کے ساتھ لوٹئے، اعلٰی حضرت رحمۃُ اللہِ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں: "**حجّ مَبرور (یعنی حجِّ مقبول) کی نشانی ہی یہ ہے کہ پہلے سے اچھا ہو کر پلٹے۔**" (فتاوٰی رضویہ، ج۲۴، ص۴۶۷) ﴿18﴾ **واپسی** میں عزیزوں، دوستوں کے لیے کچھ نہ کچھ تحفہ ضرور لائیں اور حاجی کا تحفہ تبرکاتِ حرمین شریفین سے زیادہ کیا ہوسکتا ہے ﴿19﴾ استقبال کرنے والوں کے لیے دعا کریں نیز اُمّتِ محبوب کی بخشش، دعوتِ اسلامی اور مَدَنی چینل کی ترقّی کے لئے بھی دُعا فرمائیے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو دونوں جہاں کی بھلائیاں نصیب فرمائے۔

**اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

مجھ کو درپیش ہے پھر مبارک سفر    قافلہ! اب مدینے کا تیّار ہے
نیکیوں کا نہیں کوئی توشہ فقط    مِری جھولی میں اشکوں کی سوغات ہے

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب!    صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد**

مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل اورسنّتوں بھرے بیانات کی کیسٹوں سے استفادہ فرمایا کیجئے اور ہفتے میں کم ازکم ایک کیسٹ بیان کا ضرور سُن ہی لیا کریں، بلکہ گھر کے تمام افراد کو بھی سننے میں شامل کر لیجئے ،اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے گھر میں سنّتوں کی بہار آ جائے گی۔ **فیضانِ سُنّت** جو کہ بے شُمار سنّتوں کا رُوح پرور گلدستہ ہے اِس کا درس اپنے گھر میں جاری کیجئے ،اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ گھر میں **مَدَنی ماحول** قائم ہوگا۔ مرحوم کے ایصالِ ثواب کی خاطر گھر کا ہر مَرد (جس کی عمر کم ازکم 22 سال ہو،اگر والد یا بڑا بھائی مدنی قافلے میں ساتھ ہو تو 10 سال کا مدَنی منا بھی مدنی قافلے میں سفر کرسکتا ہے) کم ازکم ایک بار دعوتِ اسلامی کے تین روزہ مَدَنی قافلے کے ساتھ ضَرور ضَرور ضَرور سفر اختیار کرے بلکہ ہر ماہ اس کا التزام رہے۔

**امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علاّمہ مولینا محمد الیاس عطّار** قادِری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے نام دنیا بھر سے ہزاروں مکتوبات ورُقعات آتے ہیں، ان سب کا پڑھنا ہی جب ان کیلئے تقریباً ناممکن ہے تو پھر امیرِ اہلسنت ایک ایک کا جواب وہ بھی اپنے ہاتھ سے لکھیں یہ کس طرح ممکن ہوسکتا ہے! لہٰذا اِس کام کیلئے **"مجلسِ مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ"** قائم ہے۔ **"مجلس"** کے اسلامی بھائی ہی مکتوب پڑھتے اوراپنی اِستِعداد کے مطابق جواب دینے کی سعی کرتے ہیں۔ ہاں جس مَلفُوف پر"پرائیویٹ" یا "الیاس قادری کے سوا کسی کو پڑھنے کی اجازت نہیں" وغیرہ الفاظ لکھے ہوتے ہیں اُس کو بِغیر پڑھے واپَس post کر دینے کی ترکیب کی جاتی ہے بشرطیکہ لفافے کے باہر نام اور ڈاک کا پتا لکھا ہو۔ نام و پتا نہ ہونے کی صورت میں مجبوراً ٹھنڈا کر دیا جاتا ہے۔

والسلام مع الاکرام

**مجلسِ مکتوبات و تعویذاتِ عطّاریہ** (دعوتِ اسلامی)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# حج تربیتی اجتماع کا اعلان

**پیاری اسلامی بہنو!** اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! عنقریب بہت سی خوش نصیب اسلامی بہنوں کو حج کی سعادت نصیب ہو گی اور وہ اُن مقدس مقامات کی زیارت کا شرف حاصل کریں گی، جہاں بخشش و مغفرت کی خیرات نصیب ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ اسلامی بہنیں جنہیں اِس مرتبہ حج کی سعادت نصیب ہو رہی ہے اُن کے لئے خوشخبری ہے کہ دعوت اسلامی جو کہ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ زندگی کے ہر شعبے میں ہماری رہنمائی کر رہی ہے چنانچہ ارکانِ حج کی دُرُست ادائیگی کے لیے اسلامی بہنوں کے لیے ہر سال کی طرح اس سال بھی کئی مقامات پر حج تربیتی اجتماعات منعقد ہوں گے آپ کی سہولت کے لیے اس مرتبہ مورخہ______، مقام ________________ بروز__________ / ______________ تا __________ بجے حج تربیتی اجتماع کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

اس تربیتی اجتماع کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حج سے متعلق عورتوں کے خصوصی شرعی مسائل سیکھنے سکھانے کی کوشش کی جائے گی اور ساتھ ہی V.C.D کے ذریعے ہمارے شیخِ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ہمیں مدینہ شریف کی حاضری کا طریقہ بھی بتائیں گے۔

**پیاری اسلامی بہنو!** حج کی صحیح ادائیگی کے لئے ان مسائل کو سیکھنا بھی فرض ہے۔ عموماً حج کے لیے جانے والے طواف وسَعی وغیرہ میں پڑھی جانے والی عَرَبی دُعاؤں میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔ اگرچہ یہ بھی اچھا ہے جبکہ دُرُست پڑھ سکتے ہوں، مگر یہ یاد رہے کہ اگر کوئی یہ دعائیں نہ بھی پڑھے تو گناہ نہیں۔ مگر مسائل نہ سیکھنے کی وجہ سے اِحرام وغیرہ میں ایسی غَلَطیاں کرنا جس سے کَفّارہ لازِم ہو جائے یہ گناہ ہے۔

حدیث پاک میں آتا ہے کہ **"علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد (عورت) پر فرض ہے"** (ص ۱۹ سنن ابن ماجہ ج ۱ ص 146، حدیث 224) لہٰذا ہر مسلمان عاقل و بالغ مرد و عورت پر اس کی موجودہ حالت کے مطابق مسئلے سیکھنا فرضِ عین ہے جیسے صاحبِ استطاعت ہو تو مسائلِ حج سیکھنا فرض ہیں۔ لہٰذا مکۂ معظّمہ اور مدینۂ منورہ میں اپنے آپ کو گناہوں سے بچانے کے لئے اور حج کی صحیح ادائیگی کے لیے اس تربیتی اجتماع میں نہ صرف خود وقت کی پابندی کے ساتھ آئیں بلکہ اپنے رشتے دار اور پڑوسیوں میں سے بھی جو حج کی سعادت حاصل کرنے والی ہیں۔ اِنہیں ضرور شرکت کی دعوت دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ عازمینِ مدینہ اس خصوصی حج تربیتی اجتماع میں شرکت کر کے اپنی اصلاح کر سکیں۔

**اے زائرِ طیبہ یہ دُعا کہ میرے حق میں مجھ کو بھی بُلاوا ملے دربارِ نبی سے**

(وسائلِ بخشش)

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو شریعت کے مطابق باادَب باذوق حاضری نصیب فرمائے۔ ہماری اس حاضری کو اپنی بارگاہ میں مقبول فرمائے (آمین)

**مدنی پھول**: ▪ اعلان کرنے والی اسلامی بہن اپنی ڈویژن کے تربیتی اجتماع کے مقام، وقت، دن و تاریخ پُر کر کے اعلان کرے۔

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## خوشخبری!

# حج تربیتی اجتماع

حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے پھر یا نبی پھر نظر میں پھر گئے حج کے مناظر یا نبی

حجّن اسلامی بہنوں کے لیے مختصر وقت میں **حج و عمرہ**

سے متعلق اہم مسائل سیکھنے کا سنہری موقع "

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہ عَزَّوَجَل !!

دعوتِ اسلامی کی مجلس معاونت مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں کے تحت شوال المکرم کے آخری عشرے میں پاکستان و بیرون ملک میں بالخصوص حجّن اسلامی بہنوں کے لئے حج تربیتی اجتماع کا انعقاد کیا جارہا ہے!!!

## حج تربیتی اجتماع کی خصوصیات

حج و عمرہ کا طریقہ، حاضری مدینہ کے آداب اور وہاں پر اپنے ایک ایک لمحے کو نیکیوں میں گزارنے سے متعلق مدنی پھول دیئے جائیں گے۔

حج تربیتی اجتماع کا دورانیہ دو گھنٹے 30 منٹ ہو گا۔

اس اجتماع میں شرکت کے لئے اپنی علاقائی علاقہ وڈویژن مجلس مشاورت کی اسلامی بہنوں سے فوراً رابطہ کیجئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# کارکردگی برائے شہزادیٔ عطّار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات

مقام----------- تاریخ(مدنی)__________(عیسوی)__________

ڈویژن----------- امیر اسلامی بہن(ام/بنت)______________

کابینہ----------- وقت آمد__________وقت رخصت__________

| نمبر شمار | مدنی کام | عمل ہونے کی صورت میں ✓ نہ ہونے پر ✱ اور ضرورت نہ پڑنے پر _ لگادیں | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | امیر اسلامی بہن | معاون | معاون | معاون |
| 1 | کیا اپنی ذمہ داری بخوبی انجام دینے کے لئے تمام طبعی حاجات سے فارغ ہو کر قبل از وقت اجتماع گاہ میں پہنچ گئی تھیں؟ | | | | |
| ☆ | تاخیر سے آنے والیوں کو تاکید کر دی گئی؟ | | | | |
| 2 | اجتماع میں از ابتداء ہی شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کے اطراف میں ہی بیٹھنے کی ترکیب بنائی جائے کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 3 | بہتر ہے شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات کی ترکیب مَنچ سے ہٹ کر دوسری جگہ بنائی جائے اور صلوٰۃ وسلام کے دوران ہی شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کو حفاظتی امور کی اسلامی بہنیں حلقہ بنا کر اس جگہ منتقل کر دیں کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 4 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے اسلامی بہنوں کی ملاقات کے لئے حفاظتی امور کے پیشِ نظر بہتر ہے کہ اجتماع گاہ کے اندر ایسی جگہ کا انتخاب کیا جائے جس کے دونوں اطراف دیوار ہو تاکہ صرف باقی دو طرف ہی زیادہ توجہ دی جاسکے کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 5 | اگر مطلوبہ جگہ میسر نہ ہو تو پھر کسی اور جگہ کا انتخاب کر لیا جائے لیکن شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کے چاروں طرف حفاظتی امور کی اسلامی بہنوں کی ترکیب بنائی جائے کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 6 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات کی ترکیب بنوانے میں اپنی معاونت کے لئے کم از کم پانچ اسلامی بہنوں کی اس طرح ترکیب بنائی جائے کہ دو حفاظتی امور کی اسلامی بہنیں، دو خیر خواہ اور ایک سمجھدار نعت خواں اسلامی بہن (جو موقع کی مناسبت سے بروقت نعتیہ اشعار پڑھیں) کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 7 | زیادہ رش ہونے کی صورت میں کوشش کی جائے کہ شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار اور عوام کے درمیان رسی یا گرل وغیرہ کی آڑ ہو۔ کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 8 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات کرنے والی اسلامی بہنوں کی دائیں یا بائیں قطار بنالی گئی تاکہ ملاقات کرنے میں بھی سہولت رہے اور ملاقات کرنے والی اسلامی بہنیں ایک طرف سے ملاقات کے لئے آتی جائیں اور دوسری طرف سے جاتی جائیں کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 9 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات کے لئے جب قطار بنوائی جائے تو قطار کے آخری جانب خصوصی توجہ رکھی جائے کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 10 | قطار بنوانے کے بعد تمام اسلامی بہنوں سے معلوم کر لیا جائے کہ اگر کوئی اسلامی بہن شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے کسی چیز پر دم کروانا چاہ رہی ہوں تو ان سب سے لے کر شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ایک ساتھ دم کروا کر پھر ہر ایک کو اس کی چیز احتیاط سے واپس کر دی جائے۔ کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ☆ | جو اسلامی بہنیں دعاؤں کی پرچیاں بیعت کے لئے نام یا مکتوب وغیرہ دینا چاہیں وہ بھی ان سے پہلے ہی لے لیے جائیں اور ملاقات کے اختتام پر شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے رہنمائی لے لی جائے کہ ان پرچیوں کا کیا کرنا ہے۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 11 | حتی الامکان اپنے ذاتی معاملات مثلاً اپنا کوئی مسئلہ یا کوئی پریشانی باجی کو اس وقت بتانے سے گریز کیا جائے۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 12 | آپ کو شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کے قرب کی سعادت ملی ہے لہٰذا بہت احتیاط کی جائے کوئی ایسا فعل نہ کیا جائے جس سے عوام اسلامی بہنیں بدظن ہوں کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 13 | اپنے موبائل میں میوزیکل ٹیون کی بجائے سادہ ٹیون رکھی جائے۔کیا آپ اور آپ کی ماتحت کا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 14 | کیا آپ اور آپ کی ماتحت اسلامی بہنوں نے مذاق مسخری وغیرہ سے بچ کر سنجیدہ رہنے کی کوشش فرمائی؟ | | | | |
| 15 | آپ اور آپ کی ماتحت اسلامی بہنوں کی کوئی عزیز یا رشتہ دار اسلامی بہن شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے جلدی ملاقات کرنا چاہے تو اس طرح چونکہ حقوق العباد تلف ہو جانے کا اندیشہ ہے لہٰذا اس سے بچنے کی کوشش فرمائی؟ | | | | |
| 16 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار جہاں ملاقات فرمائیں وہاں ایک ٹیبل پر مختلف رسائل مثلاً کفن چور کے انکشافات، گانوں کے 35 کفریہ اشعار، زخمی سانپ، مختلف قسم کے پمفلٹ مثلاً حفظ بھلانے کا عذاب، گھر میں مدنی ماحول بنانے کے 15 مدنی پھول، فضائلِ آفات اور چند کیسیٹیں اور vcd's رکھ دیئے جائیں تاکہ نوعیت کے حساب سے شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار یہ تحائف اسلامی بہنوں کو دے سکیں کیا اس ترکیب پر عمل رہا؟ | | | | |
| 17 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار جس موضوع پر ذہن بنائیں اسی کے مطابق جو کتب و رسائل موجود ہوں وہ فوراً باجی کو پیش کر دیئے جائیں کہ وہ اسلامی بہن کو عنایت فرمائیں ۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 18 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار نے اگر کسی اسلامی بہن کا ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کے لئے ذہن بنایا تو انہیں ان کے رہائشی علاقے کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتا دیا؟ | | | | |
| 19 | کسی اسلامی بہن نے شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کے مبارک ہاتھوں سے مدنی برقع پہننے کی سعادت حاصل کی تو انہیں "**جنت کے آٹھ دروازوں کی نسبت سے شرعی پردہ کرنے کے آٹھ مدنی پھول**" دے دیئے گئے؟(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | | | | |
| 20 | اگر شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کسی اسلامی بہن کو کوئی تحفہ دیں تو ان کی حوصلہ افزائی کی جائے اور یوں کہا جائے کہ "واقعی یہ تو بہت سعادت کی بات ہے اب آپ بھی باجی کی بارگاہ میں اچھی اچھی نیتوں کا تحفہ پیش کیجئے" کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 21 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار جن سے خصوصی ملاقات کرکے اچھی طرح ذہن بنائیں صرف ان کا ہی نام "**شہزادیٔ عطار** سَلَّمَہَا الْغَفَّار **کی اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش**" والے فارم میں لکھا جائے کیا اس ترکیب پر عمل رہا؟ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ☆ | کیا یہ فارم پُر کرکے اس کارکردگی کے ساتھ کابینہ ذمہ دار کو جمع کروادیا؟ | | | | |
| 22 | اگر کوئی اسلامی بہن شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کو پانی یا کھانے کی کوئی چیز دے کر اصرار کرے کہ آپ اس میں سے کچھ کھا پی کر ہمیں جوٹھا عنایت فرمادیں تو آپ وہ شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کو دینے کی بجائے حکمتِ عملی سے کام لیتے ہوئے اپنے پاس پانی کی بوتل سے پانی شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کو پلا کر اس میں سے کچھ ان کو دے دیں تاکہ ان کی دل آزاری بھی نہ ہو اور حفاظتی امور کا مسئلہ بھی حل ہو کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 23 | اگر ملاقات کرنے والی اسلامی بہنیں زیادہ وقت لے رہی ہوں تو انتہائی نرمی و شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کے کاندھے پر تھپکی دی جائے اور کہا جائے" **سبحان اللہ** عزوجل آپ تو بہت خوش قسمت ہیں کہ آپ کو شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات اور گفتگو کرنے کی سعادت ملی ہے ،بیرونِ ملک و شہر کی کئی اسلامی بہنیں تو زیارت سے بھی محروم ہیں آپ جلدی جلدی ملاقات فرمائیں اور دوسری اسلامی بہنوں کو ملاقات کا موقع دیں گی تو آپ کو ایثار کا ثواب بھی ملے گا"۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 24 | بالکل پُر سکون انداز میں ترکیب بنائی جائے ہر گز جلدی نہ کی جائے اگر شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار اطمینان سے کسی سے گفتگو فرمارہی ہوں تو قطعاًبات نہ کاٹی جائے،اگر کوئی روئے،ہاتھ چومے یاباجی کی طرف لپکے تو اسلامی بہن کو کھینچ کر نہ ہٹایا جائے کہ اس سے باجی کے قلب کو تکلیف پہنچتی ہے۔یوں نہ کہا جائے کہ آپ تنگ نہ کریں،اتنی لمبی قطار ہے کب ختم ہوگی وغیرہ۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 25 | اگر سمجھانے کے باوجود بھی کوئی اسلامی بہن اپنی گفتگو جلدی نمٹانے میں کامیاب نہ ہو تو ہرگز غصہ یا جھنجھلاہٹ کا اظہار نہ کیا جائے یاد رہے کہ ملاقات کروانا مستحب کام ہے مگر دل آزاری حرام ہے۔کیا اس پر عمل رہا؟بس یہ اصول اپنالیجئے کہ بات اپنی ہی منوانی ہے اور دل آزاری بھی نہیں کرنی | | | | |
| 26 | ملاقات کی خواہش مند اسلامی بہنوں پر حکمتِ عملی کے ساتھ اور موقع کی مناسبت سے انفرادی کوشش کی جائے۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 27 | اگر کوئی اسلامی بہن کسی اور مکتبے کے کتب ورسائل کثیر تعداد میں دینا چاہیں تو حکمتِ عملی کے ساتھ ترکیب بنا کر واپس کردیا جائے۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 28 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کی موجودگی میں کسی اور شخصیت سے دعا کی ترکیب نہ بنائی جائے کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 29 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کو دھکم پیل سے بچانے کے لئے ہر ممکنہ اقدام کیے جائیں۔لیکن یاد رہے کہ اخلاقیات کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے جھاڑنے اور ڈانٹنے سے مکمل پرہیز کیا جائے اور باجی کی موجودگی میں ہرگز اپنی آواز کو بلند نہ کیا جائے۔کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 30 | اگر ذمہ داری کے دوران نماز کا وقت شروع ہو جائے اور اس بات کا یقین ہو کہ اپنی ذمہ داری بخوبی انجام دینے کے بعد اتنا وقت باقی ہوگا کہ نماز ادا کر سکیں تو پھر بعد میں نماز ادا کی جائے بصورتِ دیگر پہلے ادا کرلی جائے کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 31 | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار سے ملاقات کے سلسلے میں اپنی تربیت کے لئے بہتر ہے کہ مدنی چینل پر" امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ اور شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار "سے ملاقات کے سلسلے ضرور دیکھے جائیں۔کیااس پر عمل رہا؟ | | | | |
| 32 | کوئی مسئلہ ؟------------------------ | | | | |
| 33 | کوئی مشورہ؟ ------------------------ | | | | |

## انفرادی کارکردگی

1: شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کے ہاتھوں میں اگر بہت ساری چیزیں یا سامان وغیرہ ہو تو خود اٹھالیا جائے

--------------------------

2: شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار کو زیادہ دیر تک کھڑے رہنے کی تکلیف نہ ہو اس لیئے ان کو کرسی پر تشریف رکھنے کی درخواست کی جائے (جس میں باجی کی رضا ہو وہی کیاجائے)اور پانی بھی وقتاً فوقتاً پیش کیا جائے-----------------------------------------

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# جنت کے آٹھ دروازوں کی نسبت سے شرعی پردہ کرنے کے آٹھ مدنی پھول

| | |
|---|---|
| 1 | ناجائز فیشن( ابرو بنوانے[1]، 40دن سے زائد ناخن بڑھانے[2]، بال کٹوانے) آدھی آستین، پینٹ ,ٹائیڈز(Tides) اور چوڑی دار پاجامہ وغیرہ پہننے سے بچنا۔﴿نیل پالش لگانا، وضو اور غسل میں رکاوٹ ہے اور افشاں یعنی چمکدار پاؤڈر سے بھی بچیں۔ اس کے علاوہ میک اپ کرنے، بطور فیشن بال ڈائی کروانے سے بھی بچیں﴾ |
| 2 | محارم مثلاً بھائی، والد، بیٹے، بھانجے، بھتیجے وغیرہ کے سامنے بغیر دوپٹے کے آنے اور باریک یا چست لباس جس سے جسم کی رنگت جھلکے یا ہیئت نمایاں ہو پہننے سے اجتناب کرنا۔ |
| 3 | نامحرم رشتہ داروں مثلاً خالہ زاد، چچازاد، پھوپھی زاد، ماموں زاد، خالو، پھوپھا، دیور، جیٹھ اور بہنوئی الغرض تمام غیر محارم سے پردہ کرنا، نیز ان سے بے تکلف ہو کر ہنس ہنس کر گفتگو کرنے سے بچنا۔ |
| 4 | آواز کے پردے کا بھی اہتمام کرنا۔ |
| 5 | بالکونی، چھت وغیرہ پر پردے کی احتیاط کرنا مثلاً کپڑے سکھاتے اور صفائی کرتے وقت، دروازہ کھولتے وقت، سیڑھیاں چڑھتے، اُترتے وقت بے احتیاطی سے بچنا۔ |
| 6 | پردے کی مکمل احتیاط کے ساتھ گھر سے باہر نکلنا نیز چست، باریک پُرکشش و دیدہ زیب اور رنگین برقع پہننے سے اجتناب کرنا۔ (سادہ اور سیاہ برقع پہنیں کہ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ فرماتے ہیں کہ "مجھے سیاہ برقع پسند ہے") |
| 7 | دستانے اور جرابیں(جن سے کھال کی رنگت ظاہر نہ ہو[3]) پہننے کی پابندی کرنا۔ |
| 8 | شادی اور دیگر تقریبات (جہاں عموماً مردوں اور عورتوں کا اختلاط ہوتا ہے) میں پردے کی احتیاط کرنا، مووی اور تصویر (موبائل، آئی پیڈ، Tab وغیرہ کے ذریعے سے بھی بنوانے) نیز Whatsapp, skype وغیرہ پر پروفائل میں اپنی تصویر سیٹ کرنے سے بچنا . |

**مدنی پھول:** پردے کی تفصیلی معلومات کے لئے شیخِ طریقت **امیر اہلسنت** دامت برکاتھم العالیہ کی مایہ ناز تصنیف "**پردے کے بارے میں سوال وجواب**" کا بغور مطالعہ فرمائیے۔

[1] ابرو کے زائد بالوں کو اس طرح بلیچ کروانا کہ دُور سے دیکھنے پر ابرو بنے ہوئے معلوم ہوں ایسا کرنا بھی ناجائز ہے (دارالافتاء اہلسنت)

[2] 40دن سے زائد ناخن بڑھانے کی شریعت میں ممانعت ہے لہٰذا اگر کوئی اس نیت سے 39 دن تک ناخن بڑھائے اس کی اجازت تو ہے مگر شریعت نے ہمیں جو صفائی کا ذہن دیا ہے اس کے پیشِ نظر ہر ہفتے ہی کاٹنا بہتر ہے کہ پھر بڑھتے ناخن کی گندگی پیٹ میں جانے کا اندیشہ ہے)( دارالافتاء اہلسنت)

[3] یاد رہے کہ black اور skin کلر کے باریک موزوں سے کھال کی رنگت جھلکتی ہے۔)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُوَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُ فَاَ عُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# شہزادیٔ عطّار سَلَّمَہَا الغَفَّار کی اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش

کابینہ:-----------------

کابینات:---------------

تاریخ (مدنی) ----------(عیسوی)-------

ملاقات کروانے والی اسلامی بہن-----------

(اُم / بنت)

| نمبر شمار | ڈویژن | علاقہ (گورنمنٹ نام بھی لکھا جاسکتا ہے) | اسلامی بہن کا نام | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبر | شہزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار نے کس سلسلے میں انفرادی کوشش فرمائی؟ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| 9 | | | | | | |
| 10 | | | | | | |

**مدنی پھول**: جن اسلامی بہنوں پر پہلے سے تنظیمی ذمہ داری ہو انہیں تنظیمی ذمہ داری کے لئے تیار نہ کیا جائے بلکہ جن پر تنظیمی ذمہ داری پہلے سے نہ ہو ان کو ذمہ داری لینے کیلئے تیار کیا جائے۔ اور روز کے روز یہ کارکردگی متعلقہ ذمہ دار اسلامی بہن کو میل کر دی جائے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# مَدَنی پھول برائے حج تربیتی اجتماع ذمہ دار اسلامی بہن

﴿1﴾ حج تربیتی اجتماع بہتر ہے کہ صبح 8:00 تا عصر کے درمیان کسی بھی وقت ڈھائی گھنٹے کے دورانیے میں "**جدول**" کے مطابق مائیک کے بغیر منعقد کیا جائے۔(جدول ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ حج تربیتی اجتماع سے کم از کم دو ہفتے قبل تلاوت تا صلوٰۃ و سلام کی سعادت پانے والی اسلامی بہنوں کو "**اجازت نامے**" کے کالمز پُر کرکے تقسیم کر دیئے جائیں۔(اجازت نامے ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ بیان کے اجازت نامے کے ساتھ مبلغہ کو (بہتر ہے کہ حج کی ہوئی ہوں) کو "**حج کا تربیتی بیان**" بھی دے دیا جائے؟ ("حج کا تربیتی بیان" ریکارڈ فائل میں موجود ہے) اگر کوئی ایسی مبلغہ نہ ہو جو حج کی ہوئی ہوں تو پھر کسی بہترین مبلغہ کو بیان دیا جائے۔

☆ تلاوت، نعت اور صلوٰۃ و سلام کا موقع بہترین قاریہ اور خوش الحان نعت خواں (جو مدنی مرکز کی اِطاعت کرنے والی ہوں) کو دیا جائے۔

☆ جس مبلغہ کا وقت ختم ہونے والا ہو انہیں 5 منٹ قبل اطلاع دے دی جائے۔

﴿3﴾ حج تربیتی اجتماع کا مقام جس علاقے میں ہو اس علاقہ کی مکتبۃ المدینہ (للبنات) ذمہ دار (علاقہ سطح) کو تربیتی اجتماع سے دو ہفتے قبل "**حج کے مخصوص کتب ورسائل کی فہرست**" دے کر تربیتی اجتماع والے دن مکتبۃ المدینہ کے بستے پر یہ سامان (اگر مکتبۃ المدینہ سے باآسانی دستیاب ہو تو) رکھنے کی عرض کر دی جائے۔

☆ رفیق الحرمین رکھنے کے لیے علاقوں کی تعداد کے مطابق ڈیسک کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ حج تربیتی اجتماع میں "**مدنی عطیات بکس**" رکھنے کی ترکیب بنائی جائے (بہتر ہے کہ تربیتی حلقہ / ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں رکھے جانے والے مدنی عطیات بکس ہی کی ترکیب بنائی جائے)

